صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

مباحثات

بروز پیر مورخہ 7 جون 1999

(بمطابق 22 صفر 1420 ہجری)

جلد 15 شمارہ 4

سرکاری رپورٹ

مندرجات	صفحہ نمبر
1۔ تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ	1
2 ۔ نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات	2
3۔ غیر نشاندار سوالات	44
4۔ اراکین اسمبلی کی رخصت	46
5۔ خصوصی کمیٹی کی تشکیل	47
6 ۔ تحاریک التوا	50
7 ۔ توجہ دلاؤ نوٹس ہا	63

جناب قائمقام سپیکر: معزز اراکین! مجھے خوشی ہو رہی ہے کہ اس وقت سپیکر چیمبر میں جناب سید شوکت حسین ندوی صاحب، قائم مقام سپیکر آزادکشمیر اسمبلی، تشریف فرما ہیں۔ میں آپ کی جانب سے اور اپنی جانب سے ان کا خیرمقدم کرتا ہوں۔ (تالیاں)

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب قائمقام سپیکر: Questions' Hour, جناب اکرم خان درانی، کوئسچن نمبر 778، لوکل گورنمنٹ کے حوالے سے ہے۔ جناب اکرم خان درانی صاحب، کوئسچن نمبر 778،

Absent. Mr. Muhammad Shuaib Khan, MPA (Swabi), Question

No. 802; please.

* 802 _ جناب محمد شعیب خان: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ۔۔۔

(الف) آیا یہ درست ہے کہ میرے حلقہ نیابت پی ایف نمبر ۹ میں کالو خان اور خٹ کو ملانے والا خوڑ پل گزشتہ بارشوں کی وجہ سے بہہ چکا ہے جس کی وجہ سے گاؤں کا رابطہ خٹ سے منقطع ہو چکا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پل ٹوٹنے کی وجہ سے مقامی کاشتکاروں کو اپنے کھیتوں میں کام کرنے کے سلسلے میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ پل کو جلد از جلد تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب یوسف ایوب خان (وزیر بلدیات): (الف) یہ درست ہے کہ کالو خان اور خٹ کو ملانے والے کازوے کو گزشتہ بارشوں کی وجہ سے جزوی نقصان پہنچ چکا ہے۔ یہ کازوے ڈسٹرکٹ کونسل مردان نے بنایا تھا۔

(ب) جی ہاں، کازوے کو نقصان کی وجہ سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔

(ج) مذکورہ کازوے کی مرمت کیلئے ضروری تخمینہ تیار کیا جا رہا ہے اور عنقریب اس کی مرمت کا کام شروع کیا جائے گا۔

جناب محمد شعیب خان (صوابی): شکریہ۔ دا زما یو کونسچن دے چہ پہ کالو خان کښې یو خوړ دے، پہ هغې باندے یوه کازوے ده او هغه خوړ د هغه کلی په مینځ باندے تیر شوے دے۔ دوه درے کاله اوشو چه هغه کازوے اوبو اوړے ده او خلقو ته ډیر مشکلات دی۔ اوس بیا جون، جولائی او اګست راروان دے

او بارانونه به شروع کیږی نو نیم کلے یو خوا دے او نیم کلے بل خوا دے۔ یو خوا سکولونه دی او بل خوا د زمیندارو روټرو پټی دی۔ زمیندار خپل پټو ته خی نو چه کله بارانونه زیات اوشی نو هغه خوړ دومره ډک راشی چه بیا تک پکښې ډیر گران شی۔ تیر شوی وخت کښې یو سړے پکښې هم مړ وو، میخے پکښې هم مړے وے۔ وزیر بلدیات صاحب ناست دے، زه د هغه نه یو تپوس کومه چه آیا د دے منظوری شوے ده او که شوی وی نو دا به کله جوړیږی؟ خکه چه دوئ ونیلی دی چه "مذکورہ کازوے کی مرمت کیلئے ضروری تخمینہ تیار کیا جا رہا ہے اور عنقریب اس کی مرمت کا کام شروع کیا جائیگا" نو وزیر بلدیات صاحب د دا اووائی چه دا به کله جوړیږی؟ خکه چه په ډسټرکټ کونسل کښې چه څومره پیسے وے نو هغه خو هم هغه پخپل دغه باندے اولگولے او مونږ له نے هیڅ رانکړه۔

Mr. Acting Speaker: Honourable Minister, please.

جناب سلیم خان ایڈوکیٹ: زما یو ضمنی سوال دے سر، یو ضمنی سوال دے۔

Mr . Acting Speaker: Supplementary question , Saleem Khan Advocate.

جناب سلیم خان ایڈوکیٹ: جناب! زما د وزیر صاحب نه دا سوال دے چه صوابی ډسټرکټ کونسل کښې څلور کروړه روپو پورے فنډ دے، زه دا تپوس کومه چه وزیر موصوف صاحب حلقو کښې، PF-24, 25, 26, 27 کښې څومره څومره فنډ ورکړے دے؟ زه دا ضمنی سوال کومه۔

Mr . Acting Speaker: Saleem Khan Advocate! you need a fresh question.

جناب سلیم خان ایڈوکیٹ: که دا نه وی نو دا د راته اووائی چه د شعیب خان د حلقے د پاره نے څومره پیسے ویستے دی؟

جناب قائمقام سپیکر: هغه د شعیب خان د حلقے په حوالے سره جواب ورکوی۔ آنریبل منسٹر، پلیز۔

جناب سلیم خان ایڈوکیٹ: چه څومره پیسے نے ورله ویستی دی، صرف دا

س کوم۔

یر بلدیات: شکریہ، سپیکر صاحب۔ شعیب خان نے جس طرح یہ پرابلم پوائنٹ آؤٹ کیا ہے، This is quite genuine, I was in that area about two months back, ور خان صاحب کے ساتھ میں گیا تھا Who happens to belong to Swabi also, یر زمان شیر خان بھی تھے تو یہ پرابلم کالو خان کے کازوے کا پوائنٹ آؤٹ کیا گیا تھا اور م نے Estimates بنانے کیلئے ان کو ہدایت کر دی ہے کہ آپ Estimates دیں تاکہ م 'Maintenance & Repair' کے تحت کیونکہ یہ Causeway بنا ہوا تھا اور ٹوٹا ہے تو 'Maintenance & repair' کی مد کے نیچے آتا ہے جیسے ہی اس کے Estimates آئیں گے تو انشاء اللہ ہم ان کو بنا دیں گے۔ Kalu Khan is a very big village. It is one of the biggest villages in Swabi, this is very importent. یہ اچھا ہوا کہ شعیب خان صاحب نے پوائنٹ آؤٹ کر دیا لیکن ویسے بھی یہ کافی مسئلہ ہے اس ایریا کیلئے۔ باقی سلیم خان صاحب نے جس طرح یہ ضمنی سوال کیا، I am not prepared کہ ابھی تک کتنے فنڈز کونسے حلقے کیلئے ہوئے ہیں۔ It has to be a fresh question.

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: شعیب خان۔

<u>جناب سلیم خان ایڈوکیٹ</u>: زما یو Request دے جی۔

<u>جناب محمد شعیب خان (صوابی)</u>: زہ جی د وزیر صاحب د جواب نہ مطمئن نہ یم خکہ چہ دوئ دومرہ لوئے ظلم کوی چہ چرتہ ضرورت وی، دوہ درے کالہ اوشو چہ دا کازوے تباہ شوے دہ او شل خلہ -------

<u>وزیر بلدیات</u>: سپیکر صاحب! ایک تو شعیب خان نے کہا کہ مجھے کوئی فنڈز نہیں ملے، That is incorrect ان کو ابھی جو اپنے فنڈز ملے تھے Why did not he propose this scehme? ان کی Discretion پر ہم نے کچھ فنڈز دیئے تھے۔ اگر اتنا Important مسئلہ ہے ان کے حلقے کا تو ان کو سب سے پہلے یہ پوائنٹ آؤٹ کرنا چاہئے تھا۔

<u>جناب سلیم خان ایڈوکیٹ</u>: کتنے فنڈز دیئے تھے جی؟

<u>جناب محمد شعیب خان (صوابی)</u>: تاسو جی مونږ لہ څومرہ فنډ راکړے دے؟ تاسو خو مونږ لہ هیڅ هم نہ دی راکړی۔ دا خو د درے کالو مسئلہ دہ او پہ هغے خو چہ تاسو کوم دس لاکھ روپئ منظورے کړی دی نو پہ هغے دس لاکھ روپئ خو

نۀ لگی۔ په هغے باندے کم از کم پچیس، چھبیس لاکھ روپئ لگی او ستاسو سره پیسے شته دے۔ زما په حلقه کښ داسے غیر منتخب خلقو له دوئ پیسے ورکړے دی-------

جناب قائمقام سپیکر۔ آنریبل منسٹر! دیکھیں سیدھا--------

وزیر بلدیات۔ سپیکر صاحب! میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں------

جناب قائمقام سپیکر۔ میری بات سنیں، انہوں نے آن دی فلور آف دی ہاؤس یہ پوچھا ہے کہ کب بنا رہے ہیں؟ بس یہ بتا دیجئے۔

وزیر بلدیات۔ میری عرض سنیں جی، میں آن دی فلور آف دی ہاؤس یہ Commitment کر رہا ہوں اور یہ بتا رہا ہوں کہ Estimates کیلئے ہم نے ہدایت کر دی ہے۔ ظاہر ہے Estimates تب ہی بناتے ہیں جب گورنمنٹ کا کوئی کام کرنے کا ارادہ ہو کیونکہ Estimates بنانے پر بھی کافی ٹائم لگتا ہے۔ شعیب خان صاحب کہہ رہے ہیں کہ تین سال سے ٹوٹا ہوا ہے، آج شاید یہ Feel کر رہے ہیں کہ یہ اپوزیشن میں ہیں اور گورنمنٹ کی طرف سے ان کو پورے فنڈز جتنے ملنے چاہیئں۔ مجھے لگتا ہے ایسا ہی یہ feel کر رہے ہیں۔ اس سے پہلے تو یہ فنڈز ان کو برابر ملتے رہے ہیں۔ اگر اتنا Important مسئلہ تھا، اس وقت یہ خود نہیں کر سکے ہیں، ہم پھر بھی کرنا چاہتے ہیں اور انشاء اللہ Next financial year میں بنا کر دیں گے۔

Mr. Farid Khan Tofan: Janab Speaker! point of order.

Mr. Acting Speaker: Point of order.

جناب فرید خان طوفان۔ دا ډیره انتهائی اهم مسئله ده۔ دا منسټر صاحب چه کوم جواب ورکړو، د دے نه دوئ لوئے کنفیوژن په هاؤس کښ پیدا کړو۔ دے وائی چه ما تاسو له فنډ درکړے دے، شعیب ته وائی۔ مونږ دا معلومول غواړو چه منسټر صاحب شعیب خان ته Categorically اوښائی چه مونږ تاسو له څومره فنډ درکړے دے؟ ځکه چه زمونږ معلومات دا دی چه حکومت د اپوزیشن ممبرانو ته په ډسټرکټ کونسل کښ فنډز نه دی ورکړی۔ که داسے ممبر وی چه دوئ ورله ورکړی وی نو چه مونږ ته پته اولگی۔

جناب بشیر احمد بلور۔ پوائنٹ آف آرڈر، پلیز۔ سپیکر صاحب! جیسا کہ یوسف ایوب خان

نے فرمایا کہ گورنمنٹ کا ارادہ ہے کہ وہ کریں گے اورجو ارادہ ہوتا ہے' اس کا مطلب ہے کہ ہم کام کریں گے۔ میں یوسف ایوب صاحب سے پوچھتا ہوں کہ کتنی حکومتوں کے ارادے تھے کہ کوہاٹ ٹنل کو بنائیں گے اور لواری ٹنل کو بنائیں گے' میرے خیال میں تو بیس سال ہوگئے ہیں ان کے ارادے کو مگر وہ نہیں بنی۔ ارادے کی بات نہیں ہے۔ اس کیلئے کوئی فنڈز مختص کیے ہیں یا نہیں؟ یہ Categorically بتائیں۔

Mr. Acting Speaker: Honourable Minister, please.

وزیر بلدیات: یہ ٹنل کی بات کر رہے ہیں یا اس کازوے کی بات کر رہے ہیں؟

جناب بشیر احمد بلور: میں اسلئے کہہ رہا ہوں کہ آپ ارادے کی بات کر رہے ہیں تو ارادے تو سالوں سے ہیں مگر آپ یہ Categorically بتائیں کہ اس کیلئے فنڈز مختص کئے ہیں یا نہیں؟

جناب قائمقام سپیکر: آپ اس وقت کوہاٹ ٹنل پر بات کر رہے ہیں ------

سید محمد صابر شاہ: کوہاٹ ٹنل کا مسئلہ بہت اہم ہے اورمیں وزیر صاحب سے اس پر ضرور چاہونگا کہ اس کی یہ وضاحت فرمائیں کہ اس کی کیا پوزیشن ہے؟ یہ پورا ہاؤس بلکہ پورے صوبہ کی نظریں کوہاٹ ٹنل پر ہیں اورمیں مشکور ہوں بلور صاحب کا کہ انہوں نے آج یہ اہم مسئلہ اٹھایا۔

جناب قائمقام سپیکر: پیر صاحب! اس کیلئے آپ کو Fresh question داخل کرنا ہوگا۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! میری پھر بھی یہی خواہش ہوگی کہ وہ مسئلہ بڑا Important ہے' اس کیلئے کوئی فنڈز مختص کرنے کی بات کی جائے۔

جناب قائمقام سپیکر: آنریبل منسٹر صاحب! اگر آپ نے دوسرے سوالوں کے جواب دینے شروع کئے تو پھر Fresh question کیلئے آپ مطالبہ نہیں کر سکیں گے۔

جناب عبدالسبحان خان (وزیر اطلاعات): سر! اس میں-------

Mr. Acting Speaker: You keep it............

وزیر اطلاعات: آنریبل منسٹر نے خود کوتل کے متعلق سپلیمنٹری میں سوال اٹھایا ہے۔

جناب سلیم خان ایڈوکیٹ: سر! میں ایک Request کرتا ہوں آپ کی وساطت سے' تو پھر آپ جواب دیں۔

وزیر بلدیات: سپیکر صاحب! بشیر خان صاحب نے جو بات پوائنٹ آؤٹ کی ہے' پہلے میں

اس پر تھوڑی سی بات کر لوں۔ کوتل ٹنل کی پوزیشن آپ کو چاہئے تو انشاء اللہ کل ہی میں آپ کو بالکل ـــ انشاء اللہ اگلے مہینے پرائم منسٹر، نواز شریف صاحب کوتل ٹنل کی Open ceremony کریں گے جو صوبہ سرحد کا سب سے بڑا پراجیکٹ ہوگا۔ It is worth over 6 billion ruppes. (تالیاں)

جناب بشیر احمد بلور: یہ تو غلط طرف چلے گئے، ہم کوئسچن کر رہے ہیں، ہمارا ضمنی تو باقی رہ گیا۔

وزیر بلدیات: کوتل ٹنل کا تو آپ نے کہا ہے، میں نے تو نہیں کہا ہے۔ (شور)

جناب قائمقام سپیکر: شعیب خان صاحب کا جو Question under discussion ہے، وہ 802 ہے۔

وزیر بلدیات: سپیکر صاحب! جس طرح میں نے پہلے عرض کیا ہے --------

Mr. Humayun Saif Ullah Khan: Point of order.

جناب قائمقام سپیکر: ہمایون خان! آپ کا اس سوال کے حوالے سے کوئی ضمنی کوئسچن ہے؟

جناب ہمایون سیف اللہ خان: میرا ضمنی سوال یہ ہے جی کہ انہوں نے جو سوال کیا ہے، کل ویسے بھی جواب دیں گے -------

جناب قائمقام سپیکر: کوتل کے بارے میں بات نہیں ہو گی۔

جناب ہمایون سیف اللہ خان: سپیکر صاحب! کل جواب دیں گے تو اتنا بتا دیں کہ Last year اس کیلئے پچھتر کروڑ تھے، اس کا کیا ہوا؟ اس سے پہلے پچاس کروڑ تھے، اس کا کیا ہوا؟ یہ صحیح صحیح بتا دیں۔

وزیر بلدیات: جناب! میں یہاں سمری لا کر دے سکتا ہوں جی کہ ایک ارب روپے سے زیادہ کا منصوبہ ہے اور انشاء اللہ اس کی Consultancy بھی ہوگئی ہے اور ٹینڈر بھی ہوگئے ہیں، اگلے مہینے کام شروع ہو گا، انشاء اللہ۔

Mr. Acting Speaker: But you are replying about, you see, Kohat tunnel.

وزیر بلدیات:

Minister for Local Government: Sir! you are allowing them to

speek on this issue, should not I respond?

Mr. Acting Speaker: I am discouraging but you are encouraging.

Minister Local Government: I have to answer from the Government side.

جناب قائمقام سپیکر: کوئسچن نمبر 802 پر آپ کا کوئی سپلیمنٹری کوئسچن ہے؟ (مداخلت) سلیم خان! آپ کا بھی کوئی سپلیمنٹری کوئسچن ہے کوئسچن نمبر 802 پر؟ نہیں، تو پلیز، پلیز میرے خیال میں وزیر صاحب بڑے قابل ہیں۔

جناب فتح محمد خان (وزیر جنگلات): پوائنٹ آف آرڈر جی۔

جناب قائمقام سپیکر: جناب فتح محمد خان صاحب، آنریبل منسٹر۔

وزیر جنگلات: تاسو رولز اوگورئ جی، په رولز کښې خو صرف دا دی چه ډیر Simple سوال به کیږی او Simple جواب به منسټر ورکوی۔ یو سوال او یو جواب، یو سوال او یو جواب۔ دا ډسکشن د یو طرف نه او د بل طرف نه، دا خو پکښې، او بیا تاسو وایئ چه مطمئن شوئ، دا "مطمئن" ټکے خو په رولز کښې نشته۔ تاسو ورسره بیا دا اولیکئ چه ممبر به مطمئن کوئ جی۔

جناب قائمقام سپیکر: تاسو مهربانی اوکړئ، پیر صابر شاه صاحب به مو پوهه کړی۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر! میں چیئر سے یہ گزارش کرونگا کہ یہ جتنے سوالات-----

جناب قائمقام سپیکر: جناب! آپ کا یہ سپلیمنٹری کوئسچن ہے؟

سید محمد صابر شاہ: نہیں، صرف اتنی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ----------

جناب قائمقام سپیکر: پلیز، پلیز پھر آپ بیٹھ جائیں۔

سید محمد صابر شاہ: جی۔ سر! ایک سپلیمنٹری کوئسچن ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: اس سوال کے حوالے سے ہے؟

سید محمد صابر شاہ: جی بالکل، کیونکہ اس سوال پر بہت زیادہ وقت ہم صرف کر رہے ہیں۔ میرے خیال میں محرک اور منسٹر صاحب دونوں اگر بریف سوال کریں اور یہاں سے جواب دیا جائے اور چیئر اس پر نظر رکھے تو --------

جناب قائمقام سپیکر: پیر صاحب! اگر آپ سوال کے محرک کو موقع دیں گے تو وہ بات کریں گے ناں۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر! ہمارے Questions ہیں، ہم آپ سے گزارش کرتے ہیں، یہ نہیں کہ آپ اپنا فرض پورا نہیں کر رہے ہیں، آپ احسن طریقے سے اپنا فرض پورا کر رہے ہیں لیکن تھوڑا سا اگر آپ ان کو کہہ دیں تاکہ وقت ذرا کم صرف ہو۔

جناب قائمقام سپیکر: جناب سلیم خان۔

جناب سلیم خان ایڈوکیٹ: سر! زما یو Request دے۔ خبرہ دا دہ چہ د صوابئ سوال دے، لاړو کوهاټ تہ او بل پورہ وخت پہ دے باندے ضائع شو۔ زما صرف دا Request دے ستاسو پہ وساطت سرہ، یوسف ایوب خان ډیر ښہ سړے دے او دا یوہ ډیرہ لویہ مسئلہ دہ، حقیقت خبرہ دہ چہ مونږہ پہ اپوزیشن کښې یو او پہ شلور کروړہ روپئ فنډ کښې مونږہ تہ هیڅ نہ دی ملاؤ شوی خو مونږہ ورتہ دا Request کوؤ ستاسو پہ وساطت سرہ چہ پیسے ورسرہ شتہ دے او د دے د پارہ د اوس Announcement اوکړی۔ پیسے ورسرہ شتہ دے، هلتہ پرتے دی۔

Mr. Acting Speaker: Honourable Minister, please.

وزیر بلدیات: آپ اگر مجھے موقع دے دیں، میں شعیب خان صاحب کے سوال کا جواب دیتا ہوں۔ دیکھیں سپیکر صاحب، میں نے جیسے عرض کیا ہے کہ Estimates بن رہے ہیں، اب مجھے کیا پتہ ہے کہ وہ دس لاکھ کا Estimate بنتا ہے، پانچ لاکھ کا بنتا ہے یا بیس لاکھ کا۔ I give this assurance, this is a very genuine problem, ہم نے خود وہاں جلسے میں Commitment کی ہے کہ یہ بنا کر دیں گے۔

جناب قائمقام سپیکر: بس ٹھیک ہے۔

وزیر بلدیات: سلیم خان صاحب نے جو کہا ہے (مداخلت) سلیم خان صاحب! مجھے بات کرنے دیں۔ ان کا صرف ایک بڑا پراجیکٹ، مجھے پتہ ہے کہ صرف ان کے حلقے میں تیس لاکھ روپے کا ایک کازوے بن رہا ہے جو کہ ابھی شروع ہوا ہے، ان کے اپنے حلقے میں بلکہ انکے اپنے گاؤں میں شروع ہوا ہے۔

جناب سلیم خان ایڈوکیٹ: مجھے اس کے بارے میں پتہ بھی نہیں ہے حالانکہ عوامی

نمائندہ ہوں لیکن مجھے پتہ ہی نہیں ہے۔

وزیر بلدیات، آپ اپنے حلقے میں جائیں گے تو آپ کو پتہ چلے گا۔ اگر آپ نہ جائیں تو پھر تو میرا قصور نہیں ہے اور کوتل ٹنل کے حوالے سے سپیکر صاحب، مجھے سب سے زیادہ -- -----

Mr. Acting Speaker: Nothing about that.

وزیر بلدیات، سب سے زیادہ خوشی یہ ہو رہی ہے کہ فرید خان کرک میں بہت کم جاتے ہیں۔ وہاں کے لوگ ڈھونڈ رہے ہیں کہ فرید خان صاحب کہاں ہیں کیونکہ ان کو سفر زیادہ کرنا پڑتا ہے۔ کوتل ٹنل بن جائے گی تو یہ ہفتے میں ایک مرتبہ ضرور اپنے حلقے میں جایا کریں گے۔

Mr. Acting Speaker: Question No. 809, Honourable MPA, Baz Muhammad Khan Sahib.

* 809 _ جناب باز محمد خان، کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں سرائے نورنگ ٹاؤن کمیٹی کی ہر سال اڈہ فیس کی نیلامی ہوتی ہے،

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت نے ہر سال مذکورہ نیلامی میں کم از کم دس فیصد اضافہ کرنے کو لازمی قرار دیا ہے،

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو۔۔

(ا) سال 1996 تا 1998 کے دوران مذکورہ ٹاؤن کمیٹی نے اڈہ فیس کتنی رقم میں نیلام کی ہے، نیز ہر سال کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے،

(۲) جولائی 1998 سے تا حال مذکورہ اڈہ فیس سے ہر مہینے کتنی آمدن حاصل ہوئی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب یوسف ایوب خان (وزیر بلدیات)، (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں، یہ لازمی نہیں ہے لیکن پھر بھی اس سلسلے میں تمام لوکل کونسلوں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ کوشش کریں کہ پچھلے سال کے ٹھیکے کی آمدن سے ٹھیکہ دس فیصد اضافے پر نیلام ہو جائے لیکن اگر ایسا نہ ہوا اور کونسل تین چار بار نیلام کرے مگر پھر بھی کامیابی نہ ہو تو تمام وجوہات حکومت کے نوٹس میں لائی جائیں کہ ان وجوہات

کی بناء پر اس ٹھیکے پر مناسب بولی نہیں آ رہی ہے تو حکومت اس ضمن میں اپنے اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے دس فیصد کم ریٹ پر بھی منظوری دے سکتی ہے۔

(ج) یہ ٹھیکہ دس مہینوں کیلئے برائے سال 97-1996 میں مبلغ 1683331 روپے میں اور برائے سال 98-1997 دس مہینوں کیلئے 1500000 روپے میں نیلام ہوا۔

(ا) ماہ جولائی سے اکتوبر 1998 تک مذکورہ اڈہ فیس سے کل 231880 روپے کی آمدن ہوئی جس کی تفصیل حسب ذیل ہے :-

(ا) ماہ جولائی' 130000 روپے بذریعہ ٹھیکہ ایک ماہ۔

(۲) ماہ اگست' 33918 روپے بذریعہ محکمانہ وصولی۔

(۳) ماہ ستمبر' 31282 روپے بذریعہ محکمانہ وصولی۔

(۴) ماہ اکتوبر' 36680 روپے بذریعہ محکمانہ وصولی۔

کل: 231880 روپے۔

<u>جناب محمد اورنگزیب خان</u>: جناب سپیکر! اس میں میرا ایک ضمنی کوئسچن ہے۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: آپ کا ضمنی کوئسچن ہے؟

<u>جناب محمد اورنگزیب خان</u>: ہاں جی' اس سوال کے بارے میں۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: سوال نمبر 809 پر؟

<u>جناب محمد اورنگزیب خان</u>: ہاں' اس سوال کے بارے میں۔

<u>ایک آواز</u>: محرک تو نہیں ہے۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: ضمنی سوال ہو سکتا ہے۔

<u>جناب محمد اورنگزیب خان</u>: ضمنی سوال ہو سکتا ہے۔

<u>Mr. Acting Speaker</u>: Honourable Member, Aurang Zeb Khan.

<u>جناب محمد اورنگزیب خان</u>: سر! یہ جز (ج) کے جواب میں' ذرا ملاحظہ فرمائیں منسٹر صاحب ' "جولائی 1998 سے تا حال مذکورہ اڈہ فیس سے ہر مہینے کتنی آمدن حاصل ہوتی ہے' مکمل تفصیل فراہم کی جائے" ۔ انہوں نے وہاں "جولائی سے اکتوبر 1998 تک" کی تفصیل دی ہے' "تا حال" تفصیل فراہم نہیں کی ہے' نمبر ایک۔ دوسرا میرا کوئسچن یہ ہے کہ ماہ جولائی سے جیسا کہ یہ نمبر (ا) لکھا ہوا ہے' آمدن میرا خیال ہے ایک لاکھ تیس ہزار ہے' (یوسف ایوب صاحب' آپ کا خیال ہے اس طرف؟) ماہ اگست سے 33918 روپے بذریعہ محکمانہ

وصولی، پوری ایک لاکھ روپے کی آمدن کم ہوگئی ہے، کیوں؟ کیا ایک لاکھ روپیہ محکمہ کھا گیا ہے؟ اور ہر مہینہ یہی حال ہے، ستمبر بھی اور اکتوبر میں بھی۔ اس کا جواب دے دیں۔

Mr. Acting Speaker: Honourable Minister, please.

وزیر بلدیات: سپیکر صاحب! آج سے چند مہینے پہلے بھی باز محمد خان صاحب نے یہ چیز پوائنٹ آؤٹ کی تھی کہ ایک لاکھ تیس ہزار روپے مہینے کی آمدن تھی، جب وہ ٹھیکیدار بھاگ گیا اور یہ محکمہ کے پاس آئی ہے تو وہ تینتیس ہزار، اکتیس ہزار اور چھتیس ہزار ہوگئی۔ اس پر بھی میں نے خود انکوائری Initiate کروائی ایک ڈپٹی سیکرٹری کے ذریعے اور اس کی رپورٹ بھی میرے ساتھ رکھی ہوئی ہے۔ جس میں He has reported کہ یہ محکمے کے لوگ اس میں کوئی خردبرد کر رہے ہیں اور ان کے خلاف ایکشن لیا جائے۔

جناب قائمقام سپیکر: ایکشن لے لیا جائے گا یا آپ نے لے لیا ہے؟

وزیر بلدیات: نہیں، Officially جو Procedure ہوتا ہے اس کو سامنے رکھ کر چیف آفیسر اور ٹیکنیشن آفیسر کے خلاف ہم باقاعدہ طور پر رولز کے مطابق سخت ایکشن لیں گے۔

Mr. Acting Speaker: Honourable Member.

جناب محمد اورنگزیب خان: دو باتیں ہیں یا تو یہ سوال کمیٹی کے حوالے کیا جائے یا پھر یہ رپورٹ، میں Alternate بتاتا ہوں یوسف ایوب صاحب، یا پھر Alternate یہ ہے کہ انکوائری کی یہ رپورٹ اسمبلی میں پیش کی جائے۔

جناب قائمقام سپیکر: اسے اسمبلی میں Circulate کیا جائے۔

جناب محمد اورنگزیب خان: جی، اسمبلی میں Circulate کی جائے۔

جناب قائمقام سپیکر: ٹھیک ہے جی۔

وزیر بلدیات: جی، Circulate کر رہے ہیں۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! ایک ضمنی سوال یہ ہے کہ آیا وزیر صاحب ارادہ رکھتے ہیں کہ پھر ان آفیسرز سے ریکوری بھی کی جائے گی یا خالی ان کو صرف Suspend کرے اور باقی پیسوں کو چھوڑ دیا جائے گا؟ ریکوری کریں گے کہ نہیں؟

جناب محمد اورنگزیب خان: وہ تو تب ریکوری کریں گے جب رپورٹ آئے گی۔

وزیر بلدیات: رولز کے مطابق، اگر غلطی ہوئی ہو تو کیوں نہیں کریں گے۔

Mr. Acting Speaker: Assembly Question No. 818, Honourable

Member, Najmuddin Khan, MPA, to please move. Not present. Honourable MPA, Haji Abdur Rehman Khan, Question No. 876.

*876 _ حاجی عبد الرحمان خان: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ___
(الف) آیا یہ درست ہے کہ متھرا سارہ سنگ سڑک کی حالت بہت خراب ہے؛
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سڑک کی تعمیر کب کی گئی تھی؟

وزیر بلدیات: (الف) جی ہاں' یہ درست ہے۔
(ب) یہ سڑک 1981-82 میں ڈسٹرکٹ کونسل پشاور نے بنائی تھی اور اس کیلئے ضروری رقم کا بندوبست شوگر کین سیس سے کیا گیا تھا۔ مذکورہ روڈ کی مرمت کیلئے مبلغ پانچ لاکھ روپے کا تخمینہ تیار کیا گیا ہے اور عنقریب اس پر کام شروع ہو جائے گا۔

حاجی عبدالرحمان خان: جناب سپیکر صاحب! دے کښې زه د وزیر صاحب نه ضمنی دا تپوس کوم چه دا څومره سړک دے، د دے سړک اندازه تا ته شته دے؟ یو۔ دویمه دا چه په دے باندے اعراب شته او هغے باندے پل شته که پل نشته؟ دریم ضمنی سوال دا دے چه په موجوده دورکښې د یو میل په Black topping باندے څومره روپے لګی؟ نو دا چه تاسو پینځه لکهه روپئ دے سړک له ایښودے دی، په دے به نے غاړے جوړوئ او که څه به کوئ؟

Mr. Acting Speaker: Honourable Minister, please.

وزیر بلدیات: سپیکر صاحب! میرے خیال میں وہ جواب سے مطمئن ہیں کہ یہ 1982 میں بنا ہے' شوگر سیس کے پیسوں سے ڈسٹرکٹ کونسل نے بنایا ہے۔ یہ تقریباً ایک کلومیٹر روڈ ہے اور اس میں تقریباً تین Villages آتے ہیں جن کی آبادی دس ہزار سے زیادہ ہے۔ یہ ہم مانتے ہیں کہ اس روڈ کی Condition کافی خراب ہے۔ اب خان صاحب یہ پوچھ رہے ہیں کہ پیسے کتنے لگتے ہیں تو یہ روڈ پر Depend کرتا ہے' میں Personally تو کبھی بھی اس روڈ پر گیا نہیں ہوں لیکن مختلف قسم کے روڈز ہوتے ہیں۔ Road bearing capacity ہوتی ہے' اس کی Width ہوتی ہے۔ اندازاً ہم نے پانچ لاکھ روپے کی رقم ذہن میں رکھی ہوئی تھی کہ اس کے M&R پر لگائیں گے اور انشاء اللہ' ظاہر ہے انجینیرز جب گئے ہیں تو اس روڈ کی Condition کے مطابق Estimate لگا کر آئے ہیں۔ ہم نے جتنی بھی Repair کرنی ہے' جتنے پیسے بھی لگیں اس پر' چاہے وہ بارہ فٹ

خرکئی مالاکنڈ کو اجارہ پر دیا گیا تھا چونکہ ٹھیکہ بغرض درآمدی، برآمدی ٹیکس کیلئے تھا۔ بدیں دوران ہاروسٹنگ ہاؤسنگ کوآپریٹو سوسائٹی مینگورہ سوات نے حالات کو ناگوار سمجھتے ہی امپورٹ ٹیکس کے خلاف ہائیکورٹ سے رجوع کیا تو عدالت عالیہ نے مدعی کے حق میں ٹمبر ٹیکس (درآمدی) پر از مورخہ 29-9-1996 کو حکم امتناعی جاری کیا اور ٹھیکیدار کو درآمدی ٹیکس پر چار سو روپے فی ٹرک کے حساب سے جو مقررہ شدہ تھا، جس پر ٹھیکیدار نے وقت کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے سینیئر سول جج ملاکنڈ، بٹخیلہ سے رجوع کیا جس پر عدالت نے ٹھیکیدار کو 50 % قسط کی ادائیگی کا حکم دلوایا۔ حالات کو دیکھتے ہوئے ایڈمنسٹر ضلع کونسل مالاکنڈ نے کونسل بورڈ کو اس ضمن میں رہنمائی کیلئے چھٹی نمبر 658 / محررہ 28-12-1996 فیصلہ دیا کہ ٹھیکیدار از مورخہ 1-8-1996 تا 13-11-1996 سو فیصدی قسط داخل کرے کیونکہ اسی دوران عدالت اعلیٰ، علاقہ قاضی نے امپورٹ ٹیکس کی وصولی نہیں روک دی تھی اور مورخہ 14-11-1994 تا 30-6-1997 پچاس فیصدی عدالتی حکم کی بجائے ساٹھ فیصدی اقساط کی ادائیگی پر فیصلہ دیا تھا جس کی بناء پر ٹھیکیدار کو 1,84,25,000 روپے سے کم ہوکر 1,34, 25,000 روپے ہو گئے اور ٹھیکیدار کو پچاس لاکھ روپے کی معافی دی گئی اور دوسری طرف کونسل کو بھی مزید نقصان سے بچایا۔

(ج) جواب جز (الف) اور (ب) میں موجود ہے تاہم ضلع کونسل ملاکنڈ نے کوئی بے قاعدگی نہیں کی ہے اور حکومت نے حالات و واقعات کی نزاکت کا احساس کرتے ہوئے اور ضلع کونسل کے بہترین مفاد میں متذکرہ بالا رقم کی ایڈجسٹمنٹ کی اجازت دی ہے۔

جناب محمد شعیب خان (ملاکنڈ): پہ دے سوال کښې ما وئیلي دي چه "پینتالیس لاکھ روپے وصول ہو چکے ہیں اور پچاس لاکھ واجب الادا کثیر رقم کی وصولی کیلئے مقدمات چل رہے ہیں" اور "تقریباً پچاس لاکھ روپے امپورٹ/ایکسپورٹ کے ٹھیکیداروں کو معاف کر دیئے گئے ہیں" د دے جواب مسنتر څه ډیر لمبا چوړا ورکړے دے، څه دوه صفحے دي خو زه د دوئ نه دا تپوس کوم چه دا کومو باندے مقدمے چلیږي او دا کومے چه لا وصول شوے نه دي نو د دے د وصولئ د پاره او دا پینتالیس لاکھ روپئ تهیکیدار ته Remission ورکړے شوے دے، ما ته د دوئ صرف دا وضاحت اوکړي چه دا په کوم قانون باندے دوئ ورکړے دے؟

Mr. Acting Speaker: Honourable Minister, please.

جناب نیک عمل خان: پہ دیکښې زما یو ضمني سوال دے۔

جناب قائمقام سپیکر: پہ دیکښ د نیک عمل خان ضمنی سوال دے۔ ایک منٹ آپ کا ضمنی سوال ہے؟

جناب نیک عمل خان: او جی۔ یره منسټر صاحب د اول دا اووائی چه دے خلقو ته څومره قرضه پورے ده؟ څومره قرضه؟

جناب قائمقام سپیکر: سید احمد خان صاحب! آپ کا بھی ضمنی سوال ہے؟

جناب نیک عمل خان: پہ دیکښ ټهیکیدارانو ته څومره قرضه پورے ده؟

جناب سید احمد خان: جناب سپیکر صاحب! مہربانی۔ میرے خیال میں شعیب صاحب کا یہ بڑا Important question ہے۔ ٹھیکیداروں کا ڈسٹرکٹ کونسلوں کے فنڈز اسی طرح سے لے کر بھاگنا اور ادائیگی نہ کرنا اور ڈسٹرکٹ کونسلوں کو انتہائی نقصان پہنچانا' یہ تو ایک معمول بن گیا ہے۔ ہر جگہ' سارے صوبے میں یہی ہو رہا ہے۔ ایک کام کا ٹھیکہ لیتے ہیں اور پھر پچاس لاکھ ان میں سے وہ معاف کراتے ہیں اور یا عدالتوں میں جا کر Stay لیتے ہیں۔ تو کیا گورنمنٹ کوئی ایسی پالیسی نہیں بنا رہی کہ ان لوگوں کو پابند کیا جائے تا کہ وہ ڈسٹرکٹ کونسلوں یا لوکل کونسلوں کو اس طرح نقصان نہ پہنچائیں؟ یہ تو بڑا Important question ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: آنریبل منسٹر' پلیز۔

Minister for Local Govt: Sir, this was a very good Question by Shoaib Khan. I am willing if he so desires, you can take it up in the Standing Committee کہ Threadbare اس کو Discuss کریں کہ گورنمنٹ کی طرف سے یہ Remission نہیں مل رہی ہے' یہ عدالت کی طرف سے ہوئی ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: ټهیک شوه۔ دا کمیټئ ته Refer کوؤ۔

وزیر بلدیات: اور It is too complicated. آدھا گھنٹہ بھی میں ان کو سمجھاؤں تو میرا خیال ہے کہ ان کو صحیح طرح سے سمجھ نہیں آئے گی کیونکہ یہ Litigations کے مسئلے ہیں اور عدالتوں نے Decide کئے ہیں۔ باقی سید احمد خان صاحب کا جو سوال ہے تو میرا خیال ہے کہ کوئی ایسا قانون اگر اسمبلی بھی پاس کرے' ہماری اسمبلی یا نیشنل اسمبلی' تو پھر بھی ہم کسی آدمی کو روک نہیں سکتے ہیں کہ وہ عدالت میں نہ جائے۔ That is not possible. Any one, who want to go the court ---------

جناب قائمقام سپیکر: شعیب خان! تاسو مشکور یئ؟ بنه، ٹھیک ده۔

جناب محمد شعیب خان (ملاکنڈ): جناب سپیکر صاحب! ستاسو هم مشکور یم او د وزیر صاحب هم مشکور یم چه دا سوال کمیټئ ته لاړو۔ بس زما په دغے کښې مطلب وو۔

Mr . Acting Speaker: O . k . Is it the desire of the House that Question No . 899 , moved by Honourable Member , Muhammad Shoaib Khan , may be referred to the concerned Standing Committee?

(The Motion was carried.)

Mr . Acting Speaker: The 'Ayes' have it . The Question No . 899 , moved by Honourable Muhammad Shoaib Khan , MPA , is referred tothe concerned Standing Committee. Thank you.

Mr. Muhammad Shoaib Khan (Malakand): Thank you, Sir.

Mr . Acting Speaker: Mr . Hamidullah Khan , MPA , to please ask his Question No. 903. Not persent.

وزیر صاحب! آپ نے کیا کمال کیا ہے کہ نجم الدین بھی نہیں ہیں، حمید اللہ خان بھی نہیں ہیں، کچھ چکر ہے یا میٹنگ ہے؟ باز محمد خان اور اکرم خان درانی بھی آج نہیں آئے ہیں، ان کے بھی Questions تھے، وہ لیٹ ہیں۔ Janab Naik Amal Khan Sahib, MPA, to please ask his Question No. 920, please.

* 920 ـ جناب نیک عمل خان: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گڑ سیس پر بولی دی جاتی ہے۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو۔

(۱) گڑ سیس سے ملاکنڈ ایجنسی کو کتنی رقم فراہم کی جاتی ہے۔

(۲) گڑ سیس کا قرضہ کن لوگوں کے ذمہ واجب الادا ہے۔

(۳) تاحال کتنے لوگوں سے قرضے وصول کئے گئے ہیں۔

(۴) جن لوگوں سے یہ قرضہ وصول نہیں کیا گیا ہے، ان کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب یوسف ایوب خان(وزیر بلدیات): (الف) جی ہاں، بولی دی جاتی ہے۔
(ب) گڑ سِس حکومت صوبہ سرحد کا لگایا ہوا ٹیکس ہے جس میں سے ضلع کونسل ملاکنڈ کو وصولی پر صرف پانچ فیصد کے حساب سے رقم ملتی ہے جو کہ گڑ سِس کی وصولی پر مامور اہلکاروں کی تنخواہ و دیگر اخراجات پر صرف کی جاتی ہے جبکہ پچانوے فیصد رقم صوبائی حکومت کے فنڈ میں داخل کی جاتی ہے۔
(ا) گڑ سِس کی رقم برائے سال 98-1997 محب گل، ٹھیکیدار کے ذمہ واجب الادا ہے۔
(۲) چونکہ ٹھیکیدار مذکورہ نے پشاور ہائیکورٹ سے حکم امتناعی حاصل کیا ہوا ہے اور مقدمہ عدالت عالیہ میں زیر سماعت ہے جس کی پیشی گیارہ فروری 1999 مقرر تھی مگر سماعت نہ ہوسکی۔ ٹھیکیدار مذکورہ کے ذمہ واجب الادا رقم مبلغ 24,58,507 روپے عدالتی فیصلہ کے بعد وصول کئے جا سکیں گے۔
(۳) جواب جز (۲) میں موجود ہے۔

جناب نیک عمل خان: مہربانی، سپیکر صاحب۔ جناب! دوئ د جز (ب) پہ جواب کښې وائي چه پانچ فیصد گړ سس هلته ملاکنډ ایجنسئ کښې جمع کوي۔ څومره منډے ترړے پرے ملاکنډ ایجنسی کوي، مقدمه بازي او هر څه هغوي کوي او هغوي ته پکښې صرف پانچ فیصد ملاویږي۔ زه د دوئ نه صرف دا تپوس کوم چه د دے گړ سس دا رقم په څه لگي او دا د زمیندار بنو نه چه حاصلوي نو دا د زمیندارو په کار باندے راځي او که نه او دوئ په دے باندے څه کوي؟ ما دِ په دے باندے پوهه کړي۔

Mr. Acting Speaker: Honourable Minister, please

وزیر بلدیات: سپیکر صاحب! یہ تو بڑا Clear ہے۔ یہ پراونشل ٹیکس ہے ' It is not a Council tax. کونسل، پراونشل گورنمنٹ کیلئے صرف Collection کرتی ہے اور اس سے جتنی Collection ہوتی ہے تو اس Collection میں سے 5 % وہ کونسل کو دیتے ہیں For their recurring day to day expenditure. The rest of the money, since it is a provincial tax, comes to the exchequre of Province.

Mr. Acting Speaker: Provincial?

وزیر بلدیات: Provincial, so provincial tax you can't say کہ جی یہ کونسل

میں کیوں نہیں لگا رہے ہیں، وہ تو پراونشل ٹیکس ہے، Province کو ہی جاتا ہے۔

Mr. Acting Speaker: Honourable Member.

جناب نیک عمل خان: دا خو مونږه هلته کښې په ضلع کښې وصولوؤ- ما دِ په دے باندے پوهه کړی چه دا پراونشل تیکس څنګه دے؟

وزیر بلدیات: میں عرض کرتا ہوں سپیکر صاحب۔

جناب قائمقام سپیکر: شعیب خان! ابھی بات سن لیں ناں۔ شعیب خان، سپلیمنٹری۔

جناب محمد شعیب خان (ملاکنڈ): دا جی لکه څنګه چه نیک عمل لالا اووئیلو او وزیر صاحب جواب ورکړو چه پانچ پرسنټ د کونسل او نور د پراونشل گورنمنټ په صوابدید باندے دے، نو صرف دومره به اووایو که دا ټول د پراونس په سطح باندے وی خو مونږه خیر دے، دا نه وایو، د دے به مطالبه نه کوؤ خو که فرض کړه زمونږه مالاکنډ ډسټرکټ کونسل سره داسے زیاتے کیږی نو پکار ده چه وزیر صاحب مونږه ته د دے وضاحت اوکړی چه مونږه ته پکښې د 5 % خبره نه، مونږ له دبرابر پکښې خپله حصه راکړی۔

Mr. Acting Speaker: Honourable Minister, please.

وزیر بلدیات: جناب سپیکر صاحب!

Minister for Local Government: Sir , this is not the only provincial tax , there is 'Education Cess' which is Provincail Government's.

یہاں جو افغانستان ٹریڈ کیلئے ٹیکس ہے، وہ پراونشل گورنمنٹ کا ہے۔ پھر تو کروڑوں روپے پشاور کو آئیں گے، سب سے زیادہ آمدن تو یہاں ہوتی ہے۔ خیرآباد میں ٹوبیکو سس جو ہے یا ہری پور کی چونگیاں جہاں سے Tobacco Growing یا مانسہرہ یا زیادہ تر صوابی سے آتا ہے اور میرا خیال ہے سات یا آٹھ کروڑ روپے پراونشل گورنمنٹ کو Collect ہوتا ہے جو پراونشل گورنمنٹ کے اکاؤنٹ میں دیا جاتا ہے، پورے صوبے میں Spend ہوتا ہے۔ کوہستان میں چائنا کے ذریعے جو ٹریڈ ہوتی ہے اور وہاں جو ٹیکس لگتا ہے، That is a provincial tax. ہر جگہ Collecting ادارے کو پانچ فیصد دیا جاتا ہے For day to day collecting, it is not only in Malakand Agency.

'Tobacco Cess' ہے ، 'Education Cess' ہے ، مختلف قسم کے Cesses ہیں جو Collect کونسلز کرتی ہیں لیکن پیسے پراونشل گورنمنٹ کے اکاؤنٹ میں Deposit کرانے پڑتے ہیں۔

جناب قائمقام سپیکر: نیک عمل خان۔

جناب نیک عمل خان: دا گُڑ سس دے او دا د زمیندارو نه اخستے کیږی۔ داوزیر صاحب د ما ته دا اووائی چه دا په زمیندارو، په کوم بهبود باندے لگی او څه پرے کیږی؟ سپرے پرے کیږی، څه پرے کیږی؟

جناب قائمقام سپیکر: منسٹر صاحب خو جواب ورکړے دے۔

جناب نیک عمل خان: او زه خو وایم چه زمونږه ملاکنډ ډسټرکټ کونسل چه دے، د هغے دومره دغه خو نه دے چه د هغے نه دوئ دا پیسے اخلی او Province له نے ورکوی۔ پکار دی چه په هغے کښ مونږ له کم از کم څه حصه خو راکړی۔

Mr. Acting Speaker: Minister, please.

وزیر بلدیات: سپیکر صاحب! میں ان کو سمجھانا چاہتا ہوں کہ Councils are not authorized کہ گڑ پر Cess لگائیں، لگا ہی نہیں سکتے ہیں۔ کونسل Authorize نہیں ہے کہ ٹوبیکو سس پر ٹیکس لگائیں یا ایجوکیشن پر لگائیں، یہ صرف پراونشل گورنمنٹ کر سکتی ہے اور ظاہر ہے کہ جو آمدن ہوتی ہے، وہ سارے صوبے کو ہی جاتی ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: اس کا حل یہ ہے کہ نیک عمل خان چاہیں تو اس ایکٹ میں Amendment لا سکتے ہیں تو وہ اسمبلی میں پرائیویٹ ممبر بل لائیں ---------

Minister for Local Government: That is some thing else.

جناب قائمقام سپیکر: اگر یہ گڑ سس سارے کا سارا ملاکنڈ میں خرچ کرنا چاہتے ہیں۔

Thank you. Quesion No. 927, Janab Bashir Ahmad Bilour Sahib.

جناب نیک عمل خان: جناب سپیکر! دا سوال دغسے پاتے شو۔

جناب قائمقام سپیکر: ستاسو څه سوال پاتے شو؟ Any supplementary?

جناب نیک عمل خان: سال 98-1997 ٹھیکیدار کے ذمہ واجب الادا رقم، موصوف نے ہائیکورٹ سے حکم امتناعی حاصل کیا ہے اور مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہے اور جس کی

پیشی کی تاریخ فلاں مقرر ہوئی تھی لیکن سماعت نہیں ہوسکی لہٰذا ٹھیکیدار کے ذمے مبلغ 24,58,507 روپے عدالتی فیصلے کے بعد وصول کئے جائیں گے۔ سپیکر صاحب! د گرد سس تھیکه چه کوم ده، دا د 1981 نه په ملاکنډ کښې نیلام کیږی۔ په ملاکنډ کښې په 98-1997 کښې چه کله دا نیلام شوه نو ستاون لاکھ او څه د پاسه پیسے د ضلع کونسل د پاره اوشوے۔ په هغے کښې د دے څه دغه اوشو او هغوی د هغے خانے نه د منظورئ د پاره کاغذونه راولیږل نو د دے خائے نه دوئ ورله لیټ اولیږل او هغه تهیکه ئے منظور نه کړه نو بیا هغه په بیالیس لاکھ لاړه۔ په دے کښې زه یوه خبره کوم چه د دے په دے مینځ کښې بیا داسے حالات پیدا شو چه کله بیا دا تهیکه واخستلے شوه او د چارسدے سړی له ورکړے شوه، وئیل ئے چه دا کړه د چارسدے نه خی نو چارسدے والا به تیکس آخلی، په ملاکنډ کښې به دا تیکس نه شی اخستے۔ نو بیا شپږ میاشتے یا درے میاشتے تهیکیدار هغه پیسے خدائے خبر، چه دلته هر څه لَب جَب شوے دے، زه دا وایم چه دا سوال د کمیټئ ته لاړ شی او چه کمیټی دا اوګوری چه چارسدے له دا تهیکه څنګه ورکړے شوه درے خلور میاشتے او بیا د هغے نه پس چه کوم فساد په هغے کښې اوشو او دا تهیکیدار غریب بیا هائیکورټ ته لاړو نو دا څنګه فیصله ده؟ مهربانی د اوکړے شی دا دِ کمیټئ ته لاړ شی چه دا پته اولګی چه په دے مینځ کښې دا تهیکه په څو لاړه؟ په ستاون لاکھ دا تهیکه ئے نیلام کړه او د هغے نه پس بیا د چارسدے تهیکیدار له دا تهیکه څنګه ورکړے شوه؟

<u>وزیر بلدیات</u>: اصل جو کوئسچن تھا نیک عمل خان صاحب کا، میں سمجھا کہ شاید وہ بھول گئے ہیں تو آپ دوسرے کوئسچن پر جانے والے تھے تو میں نے خود ان کو پوائنٹ آؤٹ کیا ہے کہ اصل چیز پر تو آپ نے بات ہی نہیں کی ہے۔ یہ 24,58,507 روپے کا Default کیا ہے اور ہم نے بڑی Clear instructions دی ہوئی ہیں کہ جس کونسل میں کوئی Default ہوگا تو وہاں کا چیف آفیسر، ایڈمنسٹریٹر اور Taxation officer will be personally responsable. اس ٹھیکیدار نے وہی کیا ہے کہ Under one pretex or the other, delay کی تھیں Payments اور پھر He went to the High Court and took a stay order. تو Stay order ملاکنڈ ایجنسی اور سوات کے گڑ کے جو ڈیلرز ہیں، ان کے خلاف۔ ہم نے پچھلے سال جو شیڈول Enhance کیا تھا، سات روپے سے

دس روپے کیا تھا' اس کے خلاف وہ ایک علیحدہ کیس ہے۔ As a result ' کیونکہ ہم نے Directives دیئے ہوئے تھے کہ کوئی Default کرے گا تو Officer concerned will be responsible. اس میں انکوائری ہوئی ہے اور ہم نے اپنا چیف آفیسر' ٹیکسیشن آفیسر اور انسپکٹر جو وہاں کا انچارج تھا' We have found them guilty, negligence of duty اور ہم نے 10,45,454 out standing rupees کیونکہ ان کی وجہ سے یہ Delay ہوئی ہے اور ٹائم پر وہ وصول نہیں کر سکیں' ان کے ذمے کئے ہیں۔

They have to pay the council, if they don't pay naturally they will lose their jobs.

جناب قائمقام سپیکر: یہ 'Stay' انہوں نے کب لیا تھا؟ کہاں سے لیا تھا' ہائیکورٹ سے لیا تھا؟

وزیر بلدیات: جی' ہائیکورٹ سے انہوں نے Stay لیا ہے' اس کی Exact date کا مجھے بھی پتہ نہیں ہے لیکن ہائیکورٹ کا Stay ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: پراونشل Stay جو ہوتے ہیں وہ چھ ماہ کے بعد ------

وزیر بلدیات: جی' اس کا Legal status یہ ہے کہ ابھی تک Stay جو ہے' وہ برقرار ہے۔ .That is there اس وجہ سے ہم اس کی ابھی تک کوئی ریکوری نہیں کر سکے۔

Mr. Acting Speaker: For the law advice, Mr. Aurang Zeb Khan.

جناب محمد اورنگزیب خان: جیسا کہ سپیکر صاحب نے فرمایا آپ کی امداد کیلئے' صرف پراونشل نہیں جی' 1994 میں Amendment ہو چکی ہے سی پی سی میں' Civil Procedure Code میں اور ہر Stay order چھ مہینے کے بعد ختم ہو جاتا ہے۔ اگر اس Stay order کے چھ مہینے ہو گئے ہوں تو یہ ختم ہے اور آپ اپنے پیسے وصول کر لیں۔

وزیر بلدیات:

Minister for Local Government: I am thankful to Aurangzeb Khan because I am not a lawyer, so he assisted me and we note it down

لیکن ہم نے گورنمنٹ کی طرف سے اپنے محکمے کے لوگوں سے کہا ہے کہ تقریباً ساڑھے دس لاکھ روپے کی رقم آپ اپنی Pocket سے دیں۔

جناب قائمقام سپیکر: ان سے وصول کی گئی ہے؟

وزیر بلدیات: ہم نے انہیں لیگل نوٹس دے دیا ہے کہ یہ آپ وصول کریں گے۔ If they fail to do so, naturally action will be taken against them. اس سے زیادہ سخت اقدام اور کوئی ہو نہیں سکتا۔

جناب قائمقام سپیکر: نیک عمل خان۔

جناب نیک عمل خان: زما دا کونسچن دے چہ پہ 1997-98 کښں دا ټهیکه پہ ستاون لاکھ باندے تلے وہ دا خو منے۔ د هغے نه پس چه دا کله لیټ شوه نو بیا پہ سینتالیس لاکھ باندے لاړہ او بیا پہ دے مینخ کښں د چارسدے یو ټهیکیدار واخسته او دا درے میاشتے د چارسدے هغه ټهیکیدار اوچلوله۔ دا نقصان د چا وو؟

وزیر بلدیات: جو بھی ٹھیکیدار ہے، خواہ وہ چارسدے کا ہے یا پشاور کا ہے، اس کے بارے میں انہوں نے کوئی ایسا کوئسچن نہیں کیا ہے کہ چارسدہ کے ٹھیکیدار کو کیوں دیا ہے؟ ٹھیکیدار تو کہیں کا بھی آ کر Highest bid کر کے لے سکتا ہے لیکن ہائیکورٹ میں ایک علیحدہ چیز چیلنج ہوئی ہے۔ جب ہم نے Schedules enhancment کئے تھے یعنی Rates from seven rupees to ten rupees. اس پر بھی لوگ عدالت گئے ہیں اور اس پر بھی انہوں نے Stay orders لیا ہے اور انہوں نے Schedule increase allow ہی نہیں کیا۔

جناب نیک عمل خان: زما Request دا دے چہ دا کمیټئ تہ د ورکړے شی او هلته بہ پته اولګی چه دا ټهیکه پہ دے مینخ کښں بیا چا اخستے ده --------

وزیر بلدیات: سپیکر صاحب! یہ Financial matters ہیں جی I do not mind at all, بے شک یہ Threadbare اس کو Discuss کریں اور کمیٹی میں بھیج دیں۔

Mr. Acting Speaker: O.K. Is it the desire of the House that Question No. 920, asked by Janab Naik Amal Khan Sahib, may be referred to the Standing Committee concerned?

(The motion was carried.)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it and Question No. 920,

moved by Naik Amal Khan, MPA, is referred to the Standing Committee on Local Government. Thank you.

جناب نیک عمل خان: ډیره مهربانی جی۔

Mr. Acting Speaker: Question No. 927, Honourable Bashir Ahmad Khan Bilour.

* 927 _ جناب بشیر احمد بلور: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ۔

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی ایف _1 پشاور میں مندرجہ ذیل علاقوں کے لوگ پینے کے پانی کیلئے ترس رہے ہیں اور لوگوں کو سخت پریشانی کا سامنا ہے۔

(۱) تیمر گڑھی بھانہ ماڑی، (۲) نزد وزیر باغ سائنس سپیریئر کالج صادق آباد، حافظ آباد، بیرون یکہ توت وغیرہ، (۳) آغہ میر جانی شاہ بیرون یکہ توت، (۴) محلہ نور الاسلام بھانہ ماڑی، (۵) محلہ خدا داد پشت قصہ خوانی، (۶) آفریدی آباد، راحت آباد، بلال کالونی، اسد گڑھی بیرون یکہ توت (۷) خان مست کالونی بیرون یکہ توت۔

جناب یوسف ایوب خان (وزیر بلدیات): (الف) علاقہ مذکورہ میں عوام کو پینے کا پانی مندرجہ ذیل ٹیوب ویلوں سے مل رہا ہے۔

(۱) ٹیوب ویل علاقہ غلہ گودام چوک بھانہ ماڑی نمبر ۱، (۲) ٹیوب ویل علاقہ غلہ گودام چوک بھانہ ماڑی نمبر ۲ (۳) ٹیوب ویل نیو قائد آباد کاکشال، ان علاقوں میں عوام کو پانی گراؤنڈ فلور پر دستیاب ہے۔ آبادی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے پانی کا پریشر کم رہتا ہے۔ بلدیہ اپنے وسائل سے صرف ٹیوب ویلوں کی مرمت، بجلی کے بل، پائپ لائنوں کی مرمت اور عملہ کی تنخواہوں کا بندوبست کر رہی ہے۔ ان علاقوں میں مزید ٹیوب ویل لگانے کی وسائل کی کمی کی وجہ سے فی الحال کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے۔ جونہی بلدیہ کے وسائل بہتر ہوئے انشاء اللہ مکمل سروے کر کے پانی کی سپلائی کو مزید بہتر بنانے کا پروگرام مرتب کیا جائیگا۔ (۴) نزد وزیر باغ سائنس سپیریئر کالج اور ملحقہ علاقہ جات کیلئے بلدیہ پشاور عوام کو مندجہ ذیل ٹیوب ویلوں سے پانی فراہم کر رہی ہے، (۵) توحید آباد نزد وزیر باغ ٹیوب ویل: ۱۔ صوفی کالونی نزد وزیر باغ ٹیوب ویل، ۲۔ شہباز ٹاؤن ٹیوب ویل نزد وزیر باغ، ۳۔ شاہ جی آباد ٹیوب ویل نزد وزیر باغ، ۴۔ رشید گڑھی نمبر ا ٹیوب ویل نزد وزیر باغ، ۵۔ رشید گڑھی نمبر ۲ ٹیوب ویل نزد وزیر باغ، ۶۔ لکھا دروازہ شریف آباد ٹیوب ویل، وزیر باغ علاقہ حافظ اور صادق آباد نئی آبادیاں ہیں۔ ان علاقوں کو عوام کی ضرورت کے

مطابق پانی فراہم کرنے کیلئے محکمہ PP&H/ PMU نے پروگرام مرتب کیا ہے اور کام شروع ہے جونہی محکمہ ہذا اپنی سکیم مکمل کرے گا تو علاقہ کے عوام کو پانی بہتر طور پر مل سکے گا۔ (٦) علاقہ مذکورہ کو ٹیوب ویل خالد ٹاؤن سے پانی مل رہا ہے اور پانی کا پریشر کم ہے عوام کی ضرورت کو مد نظر رکھتے ہوئے محکمہ PP&H/ PDA نے ایک عدد ٹیوب ویل بیرون یکہ توت نزد ٹانگہ سٹینڈ نصب کیا ہے جونہی محکمہ مذکورہ اسکو چالو کرے گا علاقہ میں پینے کے پانی کی سپلائی بہتر ہو جائے گی۔ (٧) علاقہ ہذا کو پانی کیپٹن عبد الجلیل روڈ نزد سکول ٹیوب ویل بھانہ ماڑی سے مل رہا ہے چونکہ علاقہ اونچائی پر واقع ہے، اسلئے پانی کا پریشر کم رہتا ہے۔ جونہی بلدیہ پشاور کے مالی وسائل بہتر ہوئے علاقہ میں تفصیلی سروے کر کے پینے کے پانی کی سپلائی کو بہتر بنایا جائے گا۔

(٨) علاقہ مذکورہ اور ملحقہ علاقہ جات میں عوام کو پینے کے پانی کا کچھ حصہ باڑہ واٹر سپلائی سکیم اور کچھ حصہ محمد علی پارک ٹیوب ویل سے مل رہا ہے۔ پانی کے پریشر کی کمی ہے جس کو بہتر کرنے کیلئے محکمہ PP&H/ PDA نے ایک عدد ٹیوب ویل نزد چرچ بالمقابل ایڈورڈ ہائی سکول نصب کیا ہے۔ جونہی یہ ٹیوب چالو ہو گا علاقہ میں پینے کے پانی کی سپلائی بہتر ہو جائے گی۔

(٩) ان علاقوں کو پانی آفریدی آباد ٹیوب ویل سے مل رہا ہے۔ آفریدی آباد میں گلی نمبر 2 اونچائی پر واقع ہونے کی وجہ سے پانی کی کمی کا شکار ہے جس کے لئے بلدیہ نے اپنے وسائل سے پائپ لائن کی فراہمی کا پروگرام بنایا ہے اور اس کی تنصیب شروع ہے۔ جونہی یہ پائپ لائن نصب ہو جائیگی مذکورہ گلی میں پانی کی کمی دور ہو جائے گی علاوہ ازیں علاقہ راحت آباد، حسن آباد، بلال کالونی اور اسد گڑھی میں پانی کی سپلائی ہو رہی ہے لیکن اس کا پریشر کم ہے۔ موجودہ مالی سال میں بلدیہ کے مالی وسائل میں کمی کی وجہ سے علاقہ مذکورہ کے لئے کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے۔ جونہی بلدیہ کے مالی وسائل بہتر ہوئے انشاء اللہ علاقہ مذکورہ میں پانی کی سپلائی کو بہتر بنانے کا بندوبست کیا جائے گا۔

(10) علاقہ مذکورہ مین پانی پنج کٹھہ ٹیوب ویل اور خان مست کالونی ٹیوب ویل سے سپلائی ہو رہا ہے۔چونکہ یہ دونوں ٹیوب ویل کافی پرانے ہیں جس کی وجہ سے انکا ڈسچارج کم ہے۔ موجودہ حالات میں پانی کی فراہمی کو بہتر کرنے کیلئے بلدیہ نے اپنے وسائل سے ایک عدد ٹیوب لگانے کی منظوری دی ہے جس کیلئے ٹینڈرز ہو چکے ہیں۔ ضابطے کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد کام شروع کیا جائے گا۔ جس کے مکمل ہونے کے بعد علاقہ میں پانی کی

سپلائی مزید بہتر ہو جائے گی۔

درج بالا جوابات کی روشنی میں بلدیہ نے اپنے موقف کی تفصیلاً وضاحت کر دی ہے۔ علاوہ ازیں میونسپل کارپوریشن کی حدود کے اندر 1706896 افراد کی آبادی ہے۔ بلدیہ کے وسائل کے حساب سے 3,63,60,000 گیلن پانی روزانہ مہیا کررہی ہے۔ اس حساب سے 21 گیلن پانی فی نفر موجود ہے جبکہ ضرورت فی نفر 45 گیلن ہے۔ 24 گیلن فی نفر کمی کو بلدیہ اپنے وسائل سے پورا کر رہی ہے۔ علاوہ ازیں بلدیہ کو واٹر سپلائی مد میں 29,370,240/= روپے کی سالانہ آمدنی ہوئی ہے اس کے مقابلہ میں 11,967,8504/= سالانہ خرچہ ہے۔ بلدیہ اپنے وسائل سے عوام کو اضافی خرچ کر کے پانی کی سہولت مہیا کر رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بلدیہ اپنے وسائل سے کسی بھی نئی واٹر سپلائی سکیم کی متحمل نہیں ہے۔

آمدن و اخراجات کی تفصیل درج ذیل ہے ۔

تعداد قانونی کنکشن رہائشی و کمرشل، 40792 عدد۔

سالانہ آمدنی،	29,370,240/= روپے
اخراجات ،	
(ا) تنخواہ عملہ واٹر ریٹ،	29760540/= روپے
(۲) تنخواہ عملہ ٹیوب ویل،	89,027,964/= روپے
(۳) تنخواہ عملہ مینٹیننس،	89,0000/= روپے
(۴) سپروائزری سٹاف،	12,000,00/= روپے
	8,00000/= روپے
میزان،	121678504/= روپے

206 عدد ٹیوب ویل خرچہ بجلی، بارہ واٹر لائن سپلائی لائن پر مینٹیننس، کلورینیشن، سٹاف کی تنخواہ، ٹیوب ویل مینٹیننس، ڈسٹری بیوشن مینٹیننس، اس حساب سے فی کنکشن خرچہ ماہوار مبلغ، 121678504/=، 40792 x 12=248 روپے ہے جبکہ کارپوریشن صارف سے ماہوار 60/= روپے وصول کرتی ہے۔

جناب بشیر احمد بلور، بڑی مہربانی، مسٹر سپیکر۔ سر! 1, 2, 3, 4, 5, 6, 7 د دے کونسچن جزونہ دی۔ میں اردو میں بات کروں گا۔ میں نے یوسف خان صاحب سے یہ دریافت کیا ہے کہ میرے ان حلقوں میں پانی کا پرابلم ہے تو وہ خود ہر جواب میں یہ بتا رہے ہیں کہ پائپ لائنوں کی مرمت اور عملے کی تنخواہ کا بندوبست، ان علاقوں میں مزید ٹیوب ویل

لگانے کی وسائل کی کمی کی وجہ سے فی الحال کوئی تجویز زیر غور نہیں، تو حیرانگی کی بات یہ ہے کہ ہم باتیں تو کر رہے ہیں کہ ہم ایٹم بم بنا چکے ہیں اور باتیں تو کر رہے ہیں کہ ہم ٹنل بنائیں گے اور ہم کوہاٹ ٹنل اور چترال ٹنل بنائیں گے اور اکیسویں صدی میں، ہم بڑے ترقی یافتہ دور میں داخل ہو رہے ہیں، میرے سوال کے ہر ایک جز کے جواب میں انہوں نے یہی کہا ہے کہ فنڈز کی کمی کی وجہ سے پانی نہیں مل رہا، تو پشاور جو کہ صوبے کا دل ہے، جہاں کی آبادی پہلے سے تقریباً تین گنا افغان بھائیوں کی وجہ سے زیادہ ہو گئی ہے، اس کے باوجود وہ ہر جگہ یہ فرما رہے ہیں کہ ہمیں پتہ ہے کہ پانی کی قلت ہے مگر ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں۔ تو میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر صاحب سے درخواست کروں گا کہ ہماری میونسپل کارپوریشن نے پشاور شہر میں جو حشر کیا ہوا ہے اور اس کا دعویٰ یہ ہے کہ ہم نے آمدن بہت زیادہ Increase کر دی ہے تو ہم پوچھتے ہیں کہ وہ آمدن پھر کہاں خرچ ہوتی ہے؟ اور آیا حکومت کوئی سپیشل فنڈز ـــ مسٹر سپیکر سر، میں تو کوئسچن کر رہا ہوں لیکن وزیر بلدیات صاحب Attentive نہیں ہیں تو پھر میرا جواب کیا دیں گے؟

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: میاں خیل صاحب انہیں Disturb کر رہے ہیں۔

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: تو سپیکر صاحب دیکھیں، یہ جو پہلا جز (۱) ہے، اس میں لکھا ہے تیمر گڑھی بھانہ ماڑی کا، تو یہ خود مانتے ہیں کہ وہاں پانی کا پریشر کم ہے اور اس کو ہمیں کرنا چاہئے۔ پھر نزد وزیر باغ سائنس سپیریئر کالج اور بیری باغ وغیرہ کا تو انہوں نے یہاں خود مانا ہے اور لکھا ہے کہ لکھا دروازے کے قریب حافظ آباد اور صادق آباد کے ٹیوب ویل پی ڈی اے بنا رہا ہے مگر کام ابھی شروع نہیں ہوا ہے۔ آغہ میر جانی کا میں نے یہاں پہ ذکر کیا ہے اور انہوں نے مجھے جواب دیا ہے کہ پی ڈی اے ایک ٹیوب ویل Already یکہ توت تانگہ سٹینڈ کے پاس بنا رہی ہے حالانکہ وہ یکہ توت کے Inside کے لوگوں کیلئے ہے کیونکہ وہ میں نے جب شروع کیا تھا تو علاقے میں اندر کوئی جگہ نہیں تھی تو اسلئے یہ باہر بنایا گیا اور اس سے سارے اندرون شہر کے علاقوں کو پانی ملے گا۔ یہ جو آغہ میر جانی ہے، اس کے بارے میں میں نے ایڈمنسٹریٹر سے بات کی تھی، اس نے Estimate بنا کر گورنمنٹ کو بھیج دیا ہے، بارہ لاکھ روپے اس کا Estimate بنا ہے۔ اس سلسلے میں ایڈمنسٹریٹر نے مجھے کہا تھا کہ اگر ضروری ہوا تو میں کروں گا۔ اور اس کی رپورٹ ہے کہ ضروری ہے، ان لوگوں کے لئے پانی ضروری ہے اور ان کو مل نہیں رہا ہے تو بارہ لاکھ

جناب فرید خان طوفان: Personal explanation. ډیر مشکور یم د شهزاده صاحب چه هغه زما نوم واخستو او ما ته ئے دا موقع راکړه چه زه د دے خبرے، زه چه نن اودریدم، ما وزیر اعلی صاحب ته هم دا اوونیل چه ستاسو دا ممبران، وزیران تاسو Misguide کوی او د دے صوبے یو Genuine مسئله اوچته شوے ده، غریب خلق دی او سټوډنټان دی او دے د پاره ما هغوی ته Request کړے دے چه چونکه اختیارات تاسو سره دی او دا مهربانی په صوبے تاسو کولے شئ نو تاسو پخپله باندے پاشئ۔ ما دا نه دی ونیلی چه دا منستران، دوئ سره اختیار شته، زه اوس هم په هغے باندے ولاړ یم۔ که په چوسنئ باندے دوئ خفه شوی وی نو زه به خپله خبره واپس واخلم، چوسنی به ورته نه اخلی۔

جناب قائمقام سپیکر: باز محمد خان' جی پلیز۔

جناب باز محمد خان: زه د اسفندیار خان خبره خو نه کووم اگرچه فرید خان

اراکین سے گزارش ہے کہ اب Issues کو Wind up کر لیں تاکہ We can come to the next item. Thank you very much, Sir.

جناب سلیم خان ایڈوکیٹ: سر! زمونږ صرف دا Request دے چه دا مونږ کوم Call Attention Notice پیش کړے دے، دا تنګ نظری نه ده، دا د دے صوبے د مفاداتو سره ترلے یوه خبره ده۔ دا که تنګ نظری ده او که هر څه ده، مونږ به کوو په دے هاؤس کښ۔ دا زمونږه ذمه داری ده، زمونږه حق دے۔ مونږ دا Request کوؤ ستاسو په وساطت سره دے هاؤس ته چه دا کال اټینشن نوټس د متعلقه سټینډنګ کمیټۍ ته حواله شي چه Thrash out شي چه دا ولے دومره پیسے هلته کښ کمے دي او دلته کښ سوا دي؟ زمونږه دا Request دے۔

Minister for Law: Janab Speaker Sahib, I am on a point of order.

جناب سپیکر صاحب! میں بڑا مشکور ہوں کہ مجھ سے پہلے محترم جناب فرید طوفان صاحب نے ہماری توجہ Rules اور Reservations کی طرف دلائی تھی اور پھر جب اپنی طرف سے آئے تو غالباً اس پر ہم تھوڑی سی خاموشی اختیار کرتے ہیں۔ میں جناب والا' صرف ٹیکنیکل بات کرتا ہوں۔ مجھے بڑا احترام ہے فاضل ممبر کا' میں مداخلت کرنا نہیں چاہتا مگر ہم تمام اس ایوان کے رکن ہیں اور اس کو چلانے کی ذمہ داری بھی ہم پر لازم ہے۔جناب والا! آپ اس کو دیکھیں کہ The spirit of 'Call Attention Notice' is different than the 'Resolutions' and 'Adjournment Motions'. اس میں جناب ' صرف وہ جنہوں نے اس Call Attention Notioce پر Sign کئے ہوں ' Participate کر سکتے ہیں اور نمبر 2 ' اس میں Statement کا Affect آتا ہے ' Only statement is asked through question. یہ تقاریر نہیں ہوتیں اور جناب ' یہاں مجھے بتائیں کہ Adjournment Motion اور Resolution میں پھر کیا فرق رہ جاتا ہے؟ اور اگر ہم Call Attentoin Notices کو کمیٹیوں کے حوالے کریں گے ' This is not provided in the rules, how can we do it, Sir? This is not fair.

جناب قائمقام سپیکر: ٹھیک ہے۔ آپ پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں صاحبزادہ صاحب؟

سید محمد صابر شاہ: ہاں جی' میں پوائنٹ آف آرڈر پر ہوں' میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ

جناب قائمقام سپیکر: کیونکہ Call Attention Notice پر تو Debate نہیں ہوتی۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر صاحب! میں صرف اتنی گزارش کرنا چاہتا تھا ---------

جناب قائمقام سپیکر: پیر صاحب رولز بھول گئے ہیں کیونکہ کبھی کبھی آتے ہیں۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر صاحب! آپ کی مہربانی کہ آپ نے مجھے اجازت دی۔ میں سلیم خان صاحب کی اس بات سے کہ ہمیں جس مسئلے کو لے کر آگے جانا چاہئے' اس کو ہمیں Mislead نہیں کرنا چاہئے' ہمیں' نہ ہاؤس کو اور نہ پوری قوم کو جس کی اس Proceeding پر نظر ہے تو یہاں سے ایسا تاثر' اب جہاں تک اس صوبے میں ان سیٹوں پر جو Self-finance base پر جو سکیمیں ہیں اپنے Resources کے مطابق' اگر کسی صوبے کی مالی حالت ٹھیک ہے تو وہ اپنے لوگوں کو اگر ایک Facility دیتا ہے' جیسے اگر پڑوس میں کوئی آدمی جس کے اپنے ایسے حالات ہیں کہ وہ بہتر طور پر اپنے بچوں کو یا اپنے لوگوں کو بہتر Facilities دے رہا ہے' اپنے گھر کے افراد کو بھی' تو اگر کسی کے اپنے مالی وسائل نہیں ہیں تو اس پر انگلی اٹھانے کا ہمیں کوئی حق نہیں ہے۔ چونکہ یہ Purely ہرصوبے کے اپنے وسائل کی بات ہے تو اس مسئلے کو لے کر چلنا کہ جناب پنجاب کھا گیا ہے' دوسرے صوبے کھا گئے ہیں' جہاں ہمارے حق پر ڈاکے کی بات ہوگی تو ہم آپ کے ساتھ ہیں لیکن جہاں پر حقائق کی بات ہے تو ہم اپنے وسائل پر کہ جو ہماری چادر ہے' اس چادر کے مطابق ہمیں جو حالات اجازت دیتے ہیں' اس کے مطابق بات کرنی چاہئے۔ لہذا اس طرح ایک غلط تاثر اس صوبے سے نکلے گا کہ خدا نخواستہ یہ معزز ہاؤس اس ملک و قوم کی یکجہتی اور صوبوں کے درمیان منافرت پھیلانے میں' حالانکہ ایسی کوئی بات نہیں ہوئی' صرف میں یہ بات کرنا چاہونگا کہ ہمیں اس معزز ہاؤس میں جو ایک بہت مقدس ادارہ ہے' اس انداز سے نہیں لانا چاہئے جو حقائق سے ماورا ہوں اور جس سے ملکی یکجہتی' صوبوں کے اندر' لوگوں کے اندر' اس ملک کے عوام کے اندر آپس میں منافرت پھیلے تو ہمیں ان چیزوں سے اجتناب کرنا چاہئے۔ شکریہ۔

جناب قائمقام سپیکر: خاصا طویل اور اچھا پوائنٹ آف آرڈر تھا۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ پتہ نہیں پیر صاحب نے کہاں سے سن لیا ہے کہ اس نے کوئی ایسی بات کی ہے کہ پنجاب

کو زیادہ مل گیا اورہمیں کم' وہ تو Comparison کر رہے ہیں کہ پنجاب میں فیسیں کم اور ہماری فیسیں زیادہ ہیں۔ انہوں نے خدا نخواستہ یہ نہیں کہا کہ نفرت پھیلائیے یا کچھ اور۔ یہ Comparison تو ہمارا حق ہے' ہم کریں گے کہ پنجاب میں کیا ہیں؟ ایک دوسری اس میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں آپ سے کہ Wind-up تقریر تو میرے خیال میں اس دن لاء منسٹر صاحب نے کر دی تھی' چیف منسٹر صاحب بے شک Windup تقریر کریں مگر ہم بھی یہ حق محفوظ رکھتے ہیں کہ اگر انہوں ایسی کوئی بات کی جس کا ہمیں جواب دینے کی ضرورت ہو تو پھر ہمیں بھی چانس دیا جائے۔

جناب قائمقام سپیکر: اب ہم Left over agenda جو ہے ---------

وزیر بلدیات: سپیکر صاحب! ایک دفعہ Wind up speech ہو جائے تو پھر اس میں کیسے جواب دیا جا سکتا ہے؟

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! Wind up speech تو Already Law Minister نے اس دن کر دی تھی اگر وہ ایسی کوئی بات کریں گے تو ---------

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! یہ ضروری ہے کہ ------

Minister for Law and Parliamentary Affairs: Point of order. Janab Speaker! I am on a point of order, let me clear, I have been referred, let me clear. I am on the floor ---------

ایک آواز: جناب والا! میں یہ --------

سید محمد صابر شاہ: میرے خیال میں بلور صاحب کو پریشان نہیں ہونا چاہئے' یہاں پر وہ ہر بات کر سکتے ہیں جس کی اجازت ہوتی ہے' وہ کر سکتے ہیں تو اس پر اگر کوئی بات چھیڑیں گے تو ہمیں اعتراض نہیں ہو گا۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: I am on a point of order, Sir. جناب سپیکر! میری ایک گزارش ہے کہ پہلے تو میں اپنے لوگوں پر بھی بات کرونگا کہ جب میں نے آپ کی توجہ کال اٹینشن نوٹس کی طرف دلائی تھی تو That is a clear rule, اس کی سر' آپ کسی کو اجازت نہ دیں No one to speak, no one to debate sir. Why you. Sir allow this? This is not done. نمبر 2 یہ ہے کہ جب میری Wind-up کرنے والی بات آئی تقاریر کی تو I was one of the list of Speakers'. ایوان نے یہ فیصلہ

کیا تھا کہ یہ Wind up کریں، I was not to wind up the speech, میں نے اپنی پارٹی ---------

جناب بشیر احمد بلور: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا! آپ نے سب کو پانچ پانچ منٹ دیئے تھے اور انہوں نے کہا تھا کہ مجھے زیادہ وقت دیں تا کہ میں Wind up کر لوں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: نہیں، بلور صاحب میں ---------

جناب قائمقام سپیکر: نہیں، لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف دی اپوزیشن جب بھی چاہیں، وہ حق رکھتے ہیں کہ بات کریں۔ (قطع کلامیاں۔ شور)

وزیر قانون و پارلیمانی امور: اور چیف منسٹر Even wind up بھی کر سکتے ہیں ------

جناب فرید خان طوفان: پوائنٹ آف آرڈر۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: نہیں سر، Let me finish my words then you listen the point of order. جناب! بات یہ ہے کہ جب میں اپنی گفتگو کر رہا تھا تو اس دوران چیف منسٹر صاحب بلکہ حزب اختلاف کے آنریبل ممبر ارباب صاحب نے یہ کہا تھا کہ، یہ آپ کی طرف سے Move آئی کہ چونکہ چیف منسٹر یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، وہ بات کریں تو میں نے کہا کہ Since I am on the floor of the House and speaking as a speaker اسلئے ---------

جناب فرید خان طوفان: پوائنٹ آف آرڈر۔

Mr. Acting Speaker: Let him finish his point.

Mr. Farid Khan Toofan: He has already finished.

وزیر قانون و پارلیمانی امور: یہ آپ کی طرف سے تجاویز تھیں اور اگر آپ اپنے اصولوں سے خود ہی مکر جاتے ہیں تو پھر ------------

جناب فرید خان طوفان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب قائمقام سپیکر: پوائنٹ آف آرڈر، فرید طوفان صاحب۔

جناب فرید خان طوفان: زه جی دے د پاره اودریدمه چه زمونږه انتظار دے چه چیف منسټر صاحب خپل Speach اوکړی خکه چه هغه ډیر وخت پس راغلے دے، هغه به څه د لاء اینډ آرډر مسئلے باندے کوم چه د هغوی ذمه داری ده خبره کوی؟ مونږه ته هیڅ قسم ته خوف نشته مګر صرف بشیر خان چه

کوم پوائنټ آف آرډر را اوچت کړو نو د دلاء منسټر صاحب مونږه ډیر عزت کوؤ، ډیر احترام کوؤ، ډیر قابل احترام شخصیت دے خو چه په هاؤس کښ اودریږی نو بیا خو به ریښتیا وائی کنه او وانی به چه د دلاء منسټر په حیثیت باندے هغوی دا Wind up کوؤ- زه یوه خبره چیف منسټر صاحب-----

---

وزیر تعلیم: جناب سپیکر! که چرے دوئ کښینی نو Speach به شروع شی-

جناب فرید خان طوفان: جناب سپیکر صاحب! که چرے دے راپاسی نو زه به د چیف منسټر په تقریر کښ هم راپاڅم بیا- ما سره د یوه فیصله اوکړی-

جناب عبد السبحان خان (وزیر اطلاعات): دوئ که د چیف منسټر په تقریر کښ پاڅی نو بیا کله چه لیډر آف دی اپوزیشن خبره کوی نو مونږ به هم پاڅو-

جناب فرید خان طوفان: بالکل به زه پاڅم، زه یوه خبره کول غوارمه-

وزیر اطلاعات: که چرے دغه رنگے روایات دوئ قائم کړل نو مونږه هم بالکل تابعدار یو-

جناب فرید خان طوفان: چیف منسټر به تقریر ته نه پریږدو-

Mr. Acting Speaker: Please, you finish your point of order.

جناب فرید خان طوفان: جناب سپیکر! زه پوائنټ آف آرډر باندے دے د پاره اودریدمه چه زمونږه قابل احترام چیف منسټر صاحب اودریدو او هغه اووئیل چه زه Reconsider کوم نه یوه ایشو چه کوم د صوبے په مفادو کښ وی، زه ورته دا وایم چه ته پخپل تقریر کښ دا وانے چه هغه خلق چه برداشت کوے شی فیس، سرمایه دار دی، نن په میډیکل کالج کښ زما خونے سبق وائی، زه نه شم برداشت کولے- زه ورته دا عرض کول غوارمه چه چیف منسټر صاحب، ټول خلق چه په میډیکل کالج کښ سبق وانی نو د سرمایه دارو بچی نه وی- دا نن مونږ ته موقع ده چه ته راغلے یے، مونږه درته وایو چه دا Consider کړه- که تا په هر څیز باندے د "نه" قسم خوړلے وی نو د هغے خو څه علاج نشته او دا عرض کومه جناب سپیکر صاحب، چه یو سړے په پوائنټ آف آرډر باندے ولاړ وی---------

وزیر اطلاعات، پوائنٹ آف آرڈر۔

Mr. Acting Speaker: Let him finish first.

جناب سلیم خان ایڈوکیٹ، جناب سپیکر! که چرے دوئ داسے کوی نو بیا به مونږه ټول په شریکه باندے پاڅو۔

جناب فرید خان طوفان، که دوئ مونږ Disturb کوی د چیف منسټر په موجودګئ کښ نو بیا زمونږه حق شته چه مونږه پاڅو او د چیف منسټر صاحب په تقریر کښ مداخلت اوکړو۔

جناب قائمقام سپیکر، تاسو خپل پوائنټ آف آرډر ختم کړئ۔

جناب فرید خان طوفان، خپله خبره ختمومه چه مونږه د چیف منسټر صاحب Speach ته انتظار کوؤ خو دا ورته عرض کوؤ چه چیف منسټر صاحب، بیخی "نه" مه کوه۔ چه خپل تقریر کوے نو په دے تقریر کښ د دے فیسونو خبره Consider کړه، دا د غریبو خلقو سوال دے، ټول خلق سرمایه دار نه دی۔ ستا دے خبرے سره زمونږه اتفاق دے چه دا وسائل خلقو لوټ کړی دی خو چه نن دلته کښ کوم خلق د غریبو نمائندګان دی، د هغوی دا حق دے چه تا ته دا ډیمانډ کیږدی چه دا فیسونه ناقابل برداشت دی۔

جناب قائمقام سپیکر، سبحان خان! زه تاسو ته په پوائنټ آف آرډر باندے دعوت درکړم یا لیډر آف دی هاؤس ته خواست اوکړم چه تقریر اوکړی؟

وزیر اطلاعات، ما خو صرف دا ګزارش کوؤ چه -----

جناب خورشید اعظم خان، پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب قائمقام سپیکر، پلیز، آپ بیٹھیں جی۔

جناب خورشید اعظم خان، سر! ایک منٹ کیلئے۔ سر! آپ ہمیں بھی موقع دیا کریں۔ سر! یہ جس طرح --------

جناب قائمقام سپیکر، آپ کی ٹریژی بنچ پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑی ہے تو -------

وزیر اطلاعات، سر! ما خو صرف دا ونیل چه د Rule 52 (a), 52 (b) violation دے جی۔

جناب قائمقام سپیکر، میں اب لیڈر آف دی ہاؤس جناب وزیر اعلیٰ صاحب سے درخواست

کرتا ہوں کہ وہ Left over agenda پر اپنے خیالات کا اظہار کریں' پلیز۔ (تالیاں) لیڈر آف دی ہاؤس کی تقریر کے دوران کوئی پوائنٹ آف آرڈرنہیں ہو گا۔

سردار مہتاب احمد خان (وزیر اعلیٰ): جناب سپیکر! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے صوبے میں امن و امان کے موضوع پر جو ایجنڈا آئٹم تھا' اس کو میری درخواست پر' میری تجویز پر Extend کیا اور آج مجھے بھی موقع دیا کہ میں اس پر اپنے خیالات کا اظہار کروں اور اس سے قبل کہ میں اپنی بات شروع کروں' ساتھ ساتھ میں اپنے معزز اراکین کو بہت ادب سے Assure کرانا چاہتا ہوں کہ میں اس موضوع پر بات کرتے ہوئے انشاء اللہ کسی بھی طرح کسی کے اوپر نہ تو میں' نہ ان کو محسوس ہونا چاہئے بلکہ میں اپنی ذمہ داری ادا کرتے ہوئے آپ کے سامنے وہ حقائق لیکر آؤنگا اور میں ذاتی بات کرنے سے ہمیشہ پہلے بھی گریز کرتا رہا ہوں اور آئندہ بھی کرونگا۔ جناب سپیکر! یہ بات آپ اچھی طرح جانتے ہیں اور ہم سب بھی اچھی طرح جانتے ہیں کہ صوبہ سرحد کی اسمبلی کی روایات اللہ کے فضل سے' اختلافات ہوتے رہتے ہیں' چاہے وہ پارٹیز کے اپنے اندر ہوں یا حزب اختلاف اور حزب اقتدار کے ہوں لیکن جس بات پر ہمیں فخر حاصل ہے' وہ یہ کہ چھوٹی موٹی باتوں کے علاوہ ہم ایک دوسرے کی رائے کو بھی سنتے ہیں اور اس کا احترام کرتے ہیں اور یہ جہاں پارلیمانی روایات کے مطابق ہے' وہاں ہمارے صوبے کی اپنی روایات بھی ہیں جن کا ذکر ہمیں ادب کے ساتھ کرنا چاہئے۔ یہ روایات اور Traditions کسی قوم کا سرمایہ ہیں' ان کو ہم ضرور قانون اور رولز کے اندر' اس کے دائرے کے پیمانے کے ساتھ ضرور ناپنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن جہاں انسانی فطرت ہے' اس کے تقاضے ہیں' کسی معاشرے کے ادب و احترام کی بات ہے تو وہاں ضرور ہمیں اپنی روایات کو سامنے رکھنا ہے۔ میں لاء اینڈ آرڈر پر بات شروع کرتا ہوں لیکن مجھے اپنے محترم بھائی علی افضل خان کی اس بات سے اتفاق ہے کہ جو Debate law and order کے موضوع پر اس اسمبلی میں ہوئی' عجیب اتفاق ہے کہ اس میں دنیا بھر کے مسائل پر گفتگو ہوئی لیکن صوبے میں امن و امان کے مسئلے کے حوالے سے بہت کم باتوں کا ذکر ہوا۔ ان میں ایسی باتیں تو ضرور تھیں کہ جن کو آپ چوک یادگار کے جلسہ عام میں کر سکتے ہیں یا کسی دوسری پبلک میٹنگ میں کر سکتے ہیں لیکن اسمبلی کے فلور پر جب کسی موضوع اور ایجنڈے پر بات ہو تو وہ مثال اور کسی ڈائریکشن کے ساتھ ہونی چاہئے۔ اس سے تاثر یہ ملتا ہے کہ یا تو ہمارے محترم بھائیوں کو امن و امان کے مسئلے پر کوئی شکایت نہیں تھی یا پھر تجاویز دینے میں

یا اس کے مسائل حل کرنے میں انہوں نے کنجوسی برتی ہے جو میں سمجھتا ہوں کہ مناسب نہیں ہے۔ میں آپ کی توجہ ایجنڈا آئٹم کی طرف دلاتا ہوں اور مجھے یہ محسوس ہوتا ہے کہ یہ ایجنڈا آئٹم جناب سپیکر، آپ نے سپیکر کی کرسی سنبھالنے سے پہلے تیار کیا تھا۔ (قہقہہ) کیونکہ 2 جون کو جو ایجنڈا ہوا، آئٹم نمبر 9 کے تحت کہ "ملک بھر میں اور ہمارے صوبے میں امن و عامہ کی خراب صورتحال، بم دھماکے، اجتماعی قتل، عصمت دریاں، چوریاں، ڈاکے، لوٹ کھسوٹ اور انصاف کے حصول سے محرومی کے نتیجے میں خودکشیاں اور اپنے آپ کو جلانے کے واقعات پر بحث"۔ جناب سپیکر! جب آپ ایجنڈا کے آئٹمز کی ترتیب دیکھتے ہیں تو اس سے صاف محسوس ہوتا ہے کہ یہ انتہائی غیرسنجیدہ کوشش کی گئی ہے۔ میں Interested ہوں، میں اس بارے میں دلچسپی رکھتا ہوں کہ ہم اس صوبے کے جو اہم ترین مسائل ہیں، لاء اینڈ آرڈر جن میں نمبر ون حیثیت رکھتا ہے، اس کے اوپر بات کی جائے، گفتگو کی جائے لیکن جب آپ ملک بھر کی بات کریں گے تو سچی بات ہے کہ یہ ہمارا موضوع نہیں ہے۔ اس اسمبلی کو آئینی، اخلاقی اور قانونی طور پر صرف اپنے صوبے کے مسائل پر بات کرنی چاہئے اور Law and order in the Province is to be disucssed, not any where in the country. اس سے ہمارا تعلق مجموعی طور پر تو بن سکتا ہے لیکن خالصتاً صوبے کے ساتھ متعلقہ نہیں ہے لیکن اس کے باوجود میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہم چاہے صوبہ سرحد ہو یا سارا ملک ہو، لاتعلق بھی نہیں رہ سکتے۔ پاکستان جزیروں پر مشتمل ملک نہیں ہے، یہ ایک فیڈریشن ہے، یہ ایک وطن ہے، ایک ملک ہے اور یہ انتظامی امور کی وجہ سے Divide ہے، Political ہو یا Constitutional ہو یا کسی اور Reason سے ہو تو صوبوں کا وجود اس کی وجہ سے ہے لیکن I fully agree with the honourable Members کہ ہم اپنے آپ کو علیحدہ نہیں رکھ سکتے، چاہے پنجاب میں اگر کچھ Negative بات ہو، سندھ میں ہو، بلوچستان میں ہو تو ہم ضرور اس سے متاثر ہوتے ہیں لیکن پھر بھی میری گزارش یہ ہے کہ جب آپ اس فلور پر کھڑے ہو کر تجویز کریں، بات کریں تو وہ براہ راست صوبے کے معاملات سے ہو تو ہمارے لئے آسانی پیدا ہوتی ہے کہ حکومت اپنی اصلاح کرتی رہے، حکومت اپنی پالیسیوں کا دوبارہ جائزہ لیتی رہے، اس میں اگر کوئی خامی ہے اس کو دور کر سکے۔ یہ میں اپنی آسانی کیلئے تجویز کرتا ہوں اور Request کرتا ہوں معزز اراکین سے کہ جب وہ صوبہ سرحد کے معاملات پر بات کریں تو اس سے مجھے اور میری حکومت کو، میری کابینہ کو اور ہم سب کو اپنی اصلاح کرنے کا

موقع ملتا رہے گا اور میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ میری حکومت کا جو مقصد ہے اور جو میری Perceptions ہیں، جو میرا عقیدہ ہے، وہ یہ ہے کہ ہم اس گورنمنٹ کو قانون کے تابع حکومت بنائیں، طاقت کے تابع نہیں۔ یہ قطعاً میرا منشا نہیں ہے، نہ یہ میری Spirit ہے، نہ یہ میری Perception ہے اور ان دو سالوں کے عرصے میں آپ نے ضرور دیکھا ہوگا کہ پہلی بار ہم نے Inforcement of sanction of law کو اپنا فرض سمجھا ہے، قانون کی عملداری کو اپنی ذمہ داری سمجھا ہے۔ جناب سپیکر! صوبہ سرحد اللہ کے فضل سے پاکستان کا خوبصورت ترین صوبہ ہے اور ہمیں اس پر فخر حاصل ہے کہ اللہ نے اس کو بڑی رعنائیاں دی ہیں، اس کو خوبصورتی دی ہے، اس کو Tradition دی ہیں۔
اس کے اندر اونچے پہاڑ، جنگلات، دریا اور بہترین لوگ دیئے ہیں۔ ہمیں اس پر فخر ہے لیکن Unfortunately پچھلے چند سالوں میں امن و امان کے بڑے Serious مسائل پیدا ہوئے کیونکہ جہاں ماضی میں حکومتوں اور انتظامیہ نے قانون کی بالادستی کو نہیں بلکہ ذاتی خواہشات کی بالادستی کو اپنی حکومت کا Fundamental stone قرار دیا اور اسی طرح عملدرآمد ہوا جس سے آج ہمارے لیے مشکلات پیدا ہوتی ہیں لیکن اس بات کو بھی میں کھلے دل سے کہنا چاہتا ہوں کہ گزشتہ دو سالوں کے اندر میں نے اپنی حکومت کیلئے بہت سی راہنمائی حزب اختلاف سے حاصل کی ہے۔ ہمیں اس کو چھپانا نہیں چاہئے۔ فراخدلی ہماری ذمہ داری ہے کہ اگر میں نے راہنمائی حاصل کی اپنی حکومت کی پالیسی بنانے کیلئے اور وہ کہیں سے بھی آئے تو ہمیں اس کو قبول کرنا ہے لیکن میں جو بات کر رہا تھا، وہ یہ تھی کہ ماضی میں جو اس صوبے کے اندر لاقانونیت، اپنی ذاتی خواہشات کو قانون کا نام دینا اور اس کے وسائل کی لوٹ کھسوٹ نے لوگوں کے دلوں میں اعتماد کو متزلزل کر دیا ہے، عوام کے دل میں حکومت کیلئے احترام اور عزت کا جذبہ ختم کر دیا اور پھر جس کو Credibility gap آپ کہتے ہیں، بد اعتمادی کی ایک خلیج عوام اور حکومت کے درمیان حائل ہوگئی لیکن آج یہ بات کہتے ہوئے مجھے خوشی ہے کہ میری حکومت، پاکستان مسلم لیگ کی حکومت، جس نے اس ملک کو نہ صرف قائم کیا ہے بلکہ آج اس کے استحکام کی ذمہ داری بھی پاکستان مسلم لیگ پر عائد ہوتی ہے، اس کے کندھوں پر ذمہ داری ہے۔ ہمیں اس بات پر فخر حاصل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم ان دو سالوں میں اپنے فرض سے غافل نہیں ہوئے اور عوام اور حکومت کے درمیان جو بداعتمادی کا رشتہ تھا، جو Credibility کا جو Gap تھا، اس کو ختم کرنے میں بہت حد تک مسلم لیگ کی حکومت

نے اپنا فرض ادا کیا ہے اور آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم لوگوں کے سامنے سرخرو ہیں۔ جناب سپیکر! اس صوبے کی جو اصل شناخت ہے' وہ اس کی شاندار روایات ہیں' امن و آشتی کے ساتھ زندگی بسر کرنا اور اس صوبے میں ہر فرد کو امن کی گارنٹی' اس کو یقین دہانی دلانا' اس کو Assure کرنا' یہ اس صوبے کی روایات ہیں سر۔ ماضی کی حکومتوں نے اپنی غلط پالیسیوں کی وجہ سے اور اپنی بدنیتی کی وجہ سے اس صوبے کی شناخت کو ختم کر دیا تھا۔ جو بات میں Stress کرنا چاہتا ہوں' وہ یہ ہے کہ آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہماری حکومت نے اس صوبے میں مثالی امن و امان قائم کرکے اس صوبے کی اصل شناخت کو بحال کر دیا ہے۔ (تالیاں) جناب سپیکر! امن و امان کا مسئلہ ایک انتہائی سنجیدہ مسئلہ ہے۔ اس کو نہ تو آپ کسی ایک دن کی کارروائی سے تول سکتے ہیں' نہ آپ اس کو کسی ایک خاص واقعے کی وجہ سے جو پیش آ جائے' بلکہ آپ اس کو مجموعی طور پر تول سکتے ہیں۔ کسی بھی حکومت کی جو Commitments ہیں' اگر وہ آپ کو نظر آ جائیں اور حکومت کے ادارے امن و امان کو بحال کرنے' اس کو نافذ کرنے میں اگر اپنی مجموعی کارکردگی کو باعزت طریقے سے' ایک شاندار طریقے سے اور ایک مثالی طریقے سے مجموعی طور پر اس میں کامیاب رہتے ہیں تو اس کو ہمیں Appreciate کرنا چاہئے' جیساکہ میں نے Appreciate کیا ہے۔ ان دو سالوں کے عرصے میں قانون کو نافذ کرنے میں مجھے بہت سخت فیصلے بھی کرنے پڑے اور آپ کو یاد ہوگا جناب سپیکر' کہ جب دو سال قبل اسی اسمبلی کے فلور پر میں نے پہلی بار اپنے عہدے کا حلف اٹھایا تو ایک Policy statement میں نے دی تھی اور اس صوبے کی جو لاء اینڈ آرڈر کی اس وقت Situation تھی' وہ میں نے آپ کے سامنے رکھ دی اور آپ کو علم ہوگا کہ جس دن ہماری حکومت کی تشکیل ہوئی' اس دن 49 kidnappees اس صوبے سے جا چکے تھے جن میں سے 39 reported cases تھے اور Ten un reported cases تھے' This is on the record of the House جس میں چار سال کا ایک بچہ بھی اغواء کیا جا چکا تھا اور پھر تیرہ ہزار سے زائد مفرور اس صوبے کے اندر اعلیٰ ترین Mobilities رکھتے ہوئے اپنے ساتھ شاندار Equipments رکھتے ہوئے اور پولیس سے بہتر آلات اور کمیونیکیشن سے اپنے آپ کو Equip کرکے انہوں نے جو رکھا ہوا تھا' وہ گھومتے پھرتے تھے اور صوبے کے اندر ایسے نامی گرامی لوگ موجود تھے جن کو 'Political patronage' میں لفظ استعمال کرنا چاہتا ہوں کہ جن کو Political patronage ہمیشہ حاصل رہی ہے' کلاشنکوف ہاتھ میں رکھ کر

اور سینہ تان کر اس صوبے میں شریف آدمی کو سر جھکا کر چلنے پر مجبور کیا۔ یہاں پر سرعام جواء کے اڈے چلتے تھے' دن دیہاڑے بھتے وصول ہوتے تھے اور اب Ransom یرغمال بنا کر تاوان وصول کرنے کے واقعات اور ذاتی مقاصد کیلئے اپنے مخالفین کو Hire کر کے کرایہ پر لیکر مجرموں سے' جرائم پیشہ لوگوں سے سزا دیتے تھے' ان کو تنگ کرتے تھے' یہ Order of the day تھا لیکن جب میں نے یہاں پر' اسی فلور پر کہا تھا کہ میں اس بات کو یقینی بنانا چاہتا ہوں اور اس بات کا بھی آپ کو علم ہے کہ پشاور سے جب آپ Southern districts جاتے تھے تو غروب آفتاب کے بعد "کنوائے" کے ذریعے یہاں سے لوگ سفر کرتے تھے اور یہی حال ڈی آئی خان کے اندر بھی موجود تھا' وہاں پر بھی بہت سی جگہوں پر سالہا سال سے لوگ رات کا سفر "کنوائے" کی صورت میں کرتے تھے تو یہ صورتحال تھی۔ یہاں پر بڑے بڑے نامی گرامی بدمعاش لوگ' قتل جن کیلئے کوئی معنی نہیں رکھتا تھا' موجود تھے۔ میں نام نہیں لینا چاہتا ہوں کیونکہ ساری دنیا جانتی ہے' وہ ڈی آئی خان میں بھی موجود تھے' وہ بنوں میں بھی موجود تھے' وہ کوہاٹ میں بھی موجود تھے' کرک میں میرے علم میں نہیں ہیں' وہ پشاور میں بھی موجود تھے' وہ ہری پور میں بھی موجود تھے' وہ مردان میں بھی موجود تھے' وہ مانسہرہ میں بھی موجود تھے' وہ دیر میں بھی موجود تھے' کوئی ضلع آپ لے لیں' اس میں یہ لوگ موجود تھے اور پھر ہم نے ان کے خلاف ایک Campaign چلائی اور اس Campaign کے اندر میں نے اس بات کو یقینی بنایا' مجھے اس بات کا پورا احساس تھا کہ صوبہ سرحد کی جو پولیس ہے' وہ پاکستان بھر میں اپنی تمام تر خامیوں کے باوجود اپنے اندر ایک احترام کا جذبہ رکھتی ہے۔ سارے پاکستان میں آپ جہاں چلے جائیں' صوبہ سرحد کی پولیس کے بارے میں اچھی رائے رکھی جاتی ہے۔ اس کے بارے میں عزت و احترام سے نام لیا جاتا ہے۔ خامیاں ہر قوم اور ہر ادارے میں بھی ہوسکتی ہیں لیکن پولیس کو Exceptionally اس سے مبرا قرار دیا جاسکتا ہے لیکن میں آپ کو اعتماد کے ساتھ بتانا چاہتا ہوں کہ صوبہ سرحد کی پولیس نے اور تمام Law enforcing agencies نے اس بارے میں بھرپور ساتھ دیا' اپنی Commitment کو' اپنے ذمہ داریوں کو اس طریقے سے ادا کیا کہ یہ واحد پولیس کی اس وقت ایجنسی ہے' گورنمنٹ کا ڈیپارٹمنٹ ہے' اگر میں یہ کہوں تو بے جا نہ کہوں گا کہ انہوں نے اپنی صلاحیتوں سے بڑھ کر امن و امان کو نافذ کرنے میں میری حکومت کا ساتھ دیا اور میری پالیسیوں پر عملدرآمد کیا اور میں ان کو اس ہاؤس کے فلور پر Commend کرنا چاہتا ہوں'

میں ان کا اعتراف کرنا چاہتا ہوں اور یہ خوشی کی بات ہے اس کو کرنا چاہیے۔ جہاں کوئی جرم کرے گا، ہم اس کو ضرور پکڑیں گے۔ اسی پولیس کے اندر ہم نے جزا اور سزا کا نظام نافذ کیا۔ جہاں انہوں نے اچھے کام کئے، ان کو میں نے ریوارڈ دئیے، جہاں انہوں نے کوتاہی کی، تجاوز کیا، ناجائز کیا تو میں نے ان کو سزا دی ہے اور یہ ریکارڈ پر موجود ہے۔ جناب سپیکر! آپ نے دیکھا کہ پچھلے دو سالوں کے اندر، تیرہ ہزار مفرور ہم سے پہلے تھے، کئی ہزار کی تعداد میں مزید اضافہ ہوا لیکن دو، سوا دو سال کے عرصے میں اٹھارہ ہزار مفروروں کو گرفتار کیا گیا۔ یہ صوبہ سرحد کی ہسٹری میں پہلی بار Actual number of proclaimed offenders have reduced practically, actual number, this is for the first time in the history of Pakistan. (تالیاں) صرف صوبہ سرحد کی تاریخ میں نہیں، پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار یہ نمبر نیچے آیا ہے۔ اس کے بعد جناب سپیکر، ہم نے کنوائے کا جو سسٹم تھا، اس کو ختم کیا۔ اب آپ کوہاٹ جائیں، آپ دوسرے Southern districts جائیں، آپ کو کنوائے میں جانے کی ضرورت نہیں کیونکہ ہم نے مفروروں اور قانون شکنوں کی تعداد کو نہ صرف کم کیا بلکہ ہم نے ان کو اس بات پر مجبور کیا کہ یا تو وہ حکومت کے سامنے اپنے آپ کو پیش کریں یا اپنے آپ کو سزا بھگتنے کیلئے تیار رکھیں۔ اس صوبے میں بہت سے ایسے واقعات ہوتے رہے ہیں کہ بینک میں ڈکیتی بھی ہوئی، Murders بھی ہوئے اور میں اس بات کو نہیں چھپانا چاہتا کہ دو کروڑ کی آبادی میں ایسے واقعات ہوتے رہتے ہیں لیکن اس بات کو دیکھنا ہے کہ ہماری حکومت نے کتنی جلدی Response کیا ہے، I assure you that we responded immediately. کسی سے کوئی نرمی نہیں کی ہے۔ اگر رات کو ایک بجے بھی میرے علم میں کوئی جرم ایسا آیا ہے تو میں نے انسپکٹر جنرل پولیس اور متعلقہ لوگوں کو رات کو بھی جگا کر ان سے کہا کہ یہ کام کرنا ہے اور مجھے خوشی ہے کہ ان سب نے بہت اچھا Response دیا ہے۔ وسائل کم ہونے کے باوجود ہم نے بندوبستی علاقوں میں، آپ کو پتہ تھا کہ ہزاروں جرائم پیشہ لوگ وہاں پر پناہ لیتے تھے، ان کے خلاف ہم نے پہلے آپریشن کیے ہیں، ان کو دور کیا اور پھر اس بات کو یقینی بنایا کہ حکومت کا جو Writ ہے، State کا جو Writ ہے، وہ نافذ ہو اور وہ نافذ ہوا۔ اس کے علاوہ جہاں جرائم پیشہ لوگوں کے اڈے تھے پورے صوبے میں، اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم نے ان کو ختم کیا ہے اور اس بات کو یقینی بنایا ہے، پہلے بھی میں نے کہا تھا اور آج بھی کہنا چاہتا ہوں کہ میری

حکومت کا جو Objective ہے، جو اس کا ایمان ہے، جو اس کا عقیدہ ہے، وہ یہ ہے کہ یہاں پر شریف آدمی سر اٹھا کر چلیں اور بدمعاش سر جھکا کر چلیں۔ (تالیاں) This is the fundamental policy of my Government. جناب سپیکر! بہت سے واقعات ہوئے، جہاں پولیس کے اندر جیسے میں نے کہا کہ ہم نے سزا اور جزا کا بھی نظام نافذ کیا، آپ کو یاد ہوگا کہ گزشتہ سال مانسہرہ میں بڑا Serious واقعہ رونما ہوا اور اس میں لوگوں کے جو سنجیدہ Riots تھے، اس میں پولیس کے کچھ ملازمین کی وجہ سے لوگوں نے Practically riots وہاں پر کئے، اس سے بہت نقصان ہوا لیکن اس میں جب انکوائری ہم نے کی اور پولیس کے افسران، سب کو میں بتانا چاہتا ہوں اور آپ کو علم بھی ہے لیکن میں Repeat کرنا چاہتا ہوں کہ اس واقعے کی وجہ سے سات پولیس کے افسران ملازمتوں سے Dismiss کئے گئے، ان کے خلاف Criminal cases بھی درج کئے گئے اور They are under arrest also. یہ صوبے کی ہسٹری میں پہلی بار جناب سپیکر، ایسا ہوا ہے۔ اس میں SP and DIG were transferred اور ان کو صوبے سے بھی باہر بھیجا گیا۔ اس کے علاوہ کھلابٹ میں اسی طرح کا ایک شدید واقعہ ہوا جس پر عوام کا Reaction ہوا۔ اس کے جواب میں جب ہم نے انکوائری کی تو دو پولیس آفیسرز اس میں قصور وار ٹھہرائے گئے، ایک انکوائری کی وجہ سے اور ان کو بھی سروسز سے Dismiss کیا گیا ہے۔ جناب سپیکر! پولیس کے اندر بھی ریفامز کے مسائل جاری رہے، ان کی شکایات جاری رہیں لیکن ہم نے کسی کے خلاف نرمی نہیں کی، کسی کیلئے کوئی رعایت نہیں کی۔ پولیس کے اندر ایک بہت بڑا خرد برد کا واقعہ میرے نوٹس میں آیا اور یہ بہت سنجیدہ مسئلہ تھا، میں نے Immediately ایکشن لیا اور اس میں جو اہلکار ملوث تھے، نہ صرف ان کو برطرف کیا بلکہ ان کے خلاف فوجداری مقدمات بھی قائم کئے اور ان سے تراسی لاکھ روپے کا سامان بھی Recover کیا۔ This is also on the record. (تالیاں) ایسا کبھی پہلے نہیں ہوا۔ یہ وہ کام تھا جہاں ہم نے سزا دی لیکن جناب سپیکر جب اچھی Performance ہوئی، صوبے میں امن و امان قائم ہوا، اس صوبے کی عزت اور احترام بنا اور یہ اسلئے بھی ضروری تھا کہ میں اس پر Believe کرتا ہوں کہ صوبہ سرحد کا جو Honour ہے، جو Dignity ہے، جو اس کا Respect ہے، وہ اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ پاکستان بھر سے یا پاکستان سے باہر کوئی فرد بھی صوبہ سرحد کے اندر آئے تو وہ اپنے آپ کو ایک محفوظ ترین پناہ گاہ میں سمجھے۔ This is the objective of my Government. (تالیاں)

اس سے نہ صرف یہاں اکانومی بڑھے گی' Economic activity بڑھے گی' یہاں لوگوں کے وسائل بڑھ جائیں گے' ان کی آمدنی بڑھے گی بلکہ ہماری عزت اور توقیر بھی بڑھے گی اور اسی بات کو میں یقینی بنانے کیلئے آپ کو خوشی سے بتانا چاہتا ہوں کہ اس سال صوبہ سرحد میں Domestic tourists اور Foreign tourists کی جو تعداد ہے' وہ پچھلے بیس سالوں کی نسبت زیادہ ہے' This is also a good sign of recognisance. (تالیاں) جناب سپیکر! ہم نے پولیس کو Rewards بھی دیئے۔ میں نے پچھلے سال بیس لاکھ روپے سے زیادہ کے Cash awards پولیس کو دیئے' ان کے جرأت پر' ان کی بہادری پر اور ان کی اچھے کام کرنے پر اور پھر اس طرح صوبہ سرحد کی ہسٹری میں پہلی بار سب سے زیادہ پولیس کے جو آفیشلز ہیں' ان کو پولیس میڈل دینے کا جو نظام ہے مرکزی حکومت سے' وہ بھی سب سے زیادہ ہم نے حاصل کئے۔ پچھلے سال ہم نے پولیس کے اندر ریفارمز کئے۔ سارے ڈیپارٹمنٹ کو کمپیوٹرائز کر رہے ہیں' ان کے ریکارڈز کی Computerization ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ میں نے Criminal Investigating Units کو تیار کیا ہے' اپنی Criminal Information Intelligence Units کو تیار کیا کیونکہ مجرموں کے خلاف ہمارے پاس Intelligence system نہ ہونے کے برابر ہے تو سب سے پہلے آتے ہی میں نے Criminal Intelligence Unit یہاں پر ڈیزائن کیا جس کو مرکزی حکومت نے Appreciate کیا اور سارے صوبے میں نافذ کرنے کیلئے انہوں نے اس بات کی ہدایت کی ہے۔ اس کے علاوہ میں نے Crime investigation and criminology institute کے قیام کا بھی یہاں Decision کیا ہے جو صوبے بھر میں اور پھر پاکستان بھر میں Modern techniques کو سامنے رکھتے ہوئے' ماڈرن ٹیکنالوجی کو سامنے رکھتے ہوئے Crime investigation کو باعزت طریقے سے کریں گے' تھرڈ ڈگری کے ساتھ نہیں کرنا چاہئے کیونکہ Third degree method is over now. یہ مسئلہ اب جا چکا ہے۔ We want to really enter into the new millennium with the more honour and respect to our individuals, to our society. اسلئے میں نے جدید سائنسی خطوط پر تفتیش کیلئے Crime investigation and criminology institute کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ ہم نے پولیس بھرتی میں سفارش اور جو Condonation پالیسی ہے' اس کو میں نہیں کہتا ہوں کہ ختم کیا ہے' ختم کرنے میں شاید ہم بہت جلدی کامیاب نہ ہوسکیں But it has been

آج Interferance نہیں ہے۔ آج مداخلت بہت کم ہے اور یہ much reduced.
Political will کی وجہ سے ہوا۔ اس کے علاوہ میری ہدایت پر پولیس ٹریننگ کالج ہنگو میں نئے کورسز کا اجراء کیا گیا ہے' جدید کورسز کو ہم نے شامل کیا ہے۔ جس میں دنیا کا جو سب سے اعلیٰ درجے کا ٹریننگ سسٹم ہے اور Criminal behaviour study کے سسٹم کو ہم نے Introduce کیا ہے' یہ بھی ملک کے اندر پہلی مثال ہے۔ ان کا جو Total curriculum ہے ' Police Training College has been completely redesignd. It has been comletely upgraded, modernized اور Objective oriented ہے۔ اسی طرح میں نے سی آئی ڈی کے جوانوں اور آفیسروں کیلئے Anti Terrorist Courses کا بھی اجرا کیا ہے' نوشہرہ میں اس سال اس کی فرسٹ پاسنگ آؤٹ پریڈ بھی ہوئی۔ جیساکہ میں نے کہا کہ اس سے بڑھ کر ہم نے پولیس کو Political interference سے دور کرنے کیلئے Efforts کی ہیں۔ اس میں کافی حد تک ہم کامیاب ہوئے ہیں' بہت حد تک اور اگر معزز اراکین اس بارے میں اور تجاویز دیں گے تو انشاء اللہ ہم ان کو اور بہتر کر سکتے ہیں۔ جناب سپیکر! اچھے کام کو جیسے کہ میں نے کہا کہ اگر ہم نے ان کی غلطیوں اور خامیوں پر ان کو سزا دی ہے تو اچھے کاموں پر ہمیں ان کو شاباش بھی دینا چاہئے۔ یہ ایوان اس صوبے کا سب سے بڑا ایوان ہے' صوبے کے دوکروڑ عوام کی نمائندگی کرتا ہے۔ اس کا قد کاٹ بہت بڑا ہونا چاہئے۔ ہر چیز کو تنقید کے جائزے سے نہیں دیکھنا چاہئے بلکہ حزب اختلاف اور حزب اقتدار دونوں برابر کے ذمہ دار ہیں صوبے کے امن و امان کے مسئلے پر۔ کوئی اس میں Partition نہیں ہو سکتی' اس میں Divide نہیں ہو سکتا' The responsibility is common. میں یہ بتانا چاہتا ہوں معزز اراکین کو کہ پچھلے دو سالوں کے اندر صوبے کی ہسٹری میں سب سے زیادہ پولیس کے Encounters ہوئے جرائم پیشہ لوگوں کے خلاف' One hundred, fifty three encounters

with the criminals in the province اور جناب سپیکر' یہ کوئی جعلی پولیس مقابلے نہیں تھے' اس کے اندر پولیس کے پچیس افراد شہید ہوئے' پچھتر شدید زخمی ہوئے اور مجھے اس بات پر فخر حاصل ہے کہ جوابی کارروائی میں پولیس نے اس سے کہیں زیادہ اپنا ریکارڈ بہتر کیا ہے۔ جن میں More than 64 criminals have been killed and many other injured. یہ ریکارڈ بتاتا ہے کہ 153 encounters میں پچیس پولیس

آفیسرز شہید ہوئے اور پچھتر زخمی ہوئے ' That means, that our police is not only responsive to their responsibilities but they are also courageous, thay are brave and they can take any challenge whichever comes on their way and we must appreciat it. (تالیاں)

جناب سپیکر! میرا خیال تھا کہ اس طرح کی جو باتیں ہیں' وہ میں کم کرونگا' میں General باتیں بھی کرنا چاہ رہا تھا لیکن پھر بھی میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک موقع ہے کہ میں اپنے معزز اراکین کو بتا سکوں کہ ہماری Law enforcing agencies کو بہت مشکلات پیش آ رہی ہیں Resourses کی کمی کے وجہ سے۔ ہمارے صوبے کی جو پولیس نفری ہے' وہ پندرہ ہزار کی تعداد میں کم ہے' جو Ratio ہے آبادی کے تناسب سے This is a very serious challenge, یہ آج کا نہیں ہے یہ عرصہ دراز سے چلا آ رہا ہے اور اس میں ہماری جو کوالٹی ہے' وہ بھی بدقسمتی سے اتنی اچھی نہیں ہے۔ اعلیٰ درجے کا Response ہوا ہے دو سالوں میں' بڑی ذمہ داری کا احساس ہوا ہے لیکن اس کے باوجود میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ مثالی کام کیا جا سکتا ہے اگر ہمارے وسائل زیادہ ہوں' ہمارے Logestics بہتر ہوں اور ہماری تربیت کے معیار اور سخت ہوں۔ میں آپ کو یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ ہم نے اس خامی کو جو ہماری کمی ہے سیکورٹی کی سروسز کی' سیکورٹی ایجنسیز کی کمی کی وجہ سے ایک نیا Experience میری ہدایت پر شروع ہوا ہے۔ حیات آباد کے Residence area میں' وہاں پر ہم نے پرائیویٹ سیکورٹی سسٹم کو Induct کیا ہے With the help of the community. ہم نے عوام کی جو سوسائٹی ہے' وہاں پر جو رہائش رکھنے والی آبادی ہے' کمیونٹی ہے' اس کی مدد سے ہم نے پرائیویٹ سیکورٹی کے حوالے کیا ہے۔ حیات آباد کے اندر یہ Experience ایسا ہے کہ یہ نیا ہے لیکن اس کے اندر عوام اور حکومت دونوں کو شریک کرکے اس تجربے کے ذریعے ہم آگے دیکھنا چاہتے ہیں کہ اگر یہ کامیاب ہوگیا اور اس کو لوگوں نے زیادہ قبول کر لیا تو ہم اپنی پولیس فورس کو جو خالی ناکہ بندیاں ہیں اور جو سڑکوں پر وہ گھومتے ہیں' اس سے بہتر ہم ان کو دوسری Performance میں استعمال کر سکیں اور میں یہ چاہتا ہوں کہ سیکورٹی کا ایک ایسا نظام ہو کہ کسی واقعے کے ہونے سے تین اور پانچ منٹ کے اندر اندر جو حفاظتی ٹیم ہے پولیس کی یا سیکورٹی سسٹم کی' وہ وہاں پر آ سکے۔ جناب سپیکر! آپ اس بات سے واقف ہیں اور یہ معزز اراکین بھی واقف ہیں کہ صوبہ سرحد میں بارہ سے پندرہ لاکھ افغان گزشتہ دو دہائیوں

سے، بیس سالوں سے غیر مربوط طریقے سے، Indisciplined way سے، Disorganised system کے ساتھ یہاں رہ رہے ہیں اور ان کی یہاں موجودگی سے بھی ہمارے مسائل میں اضافہ ہوا ہے۔ اس کے علاوہ اسلحہ کی بھتات ہے، یہ بھی اس صوبے کے اندر ایک مسئلہ ہے اور پھر ماضی کے اندر قبائلی علاقوں کا مجرموں کیلئے پناہ گاہ کے طور پر تبدیل ہو جانا، یہ بھی ایک مسئلہ تھا۔ اس سے ہمارے لئے امن و امان کے مسائل کو حل کرنے میں کافی مشکلات پیش آ رہی تھیں لیکن پھر بھی ہم نے اپنے عزم کو کمزور نہیں ہونے دیا۔ جناب سپیکر! یہ بھی آپ کے علم میں ہے کہ جہاں حکومت پر اپنی طاقت اور قانون کے نفاذ کی ذمہ داری عائد ہے، وہاں اس بات کو بھی ہم لازم سمجھتے ہیں کہ جہاں ڈائیلاگ کے ذریعے یا صوبے کی روایات میں جرگے کے مطابق اور مشران کے مطابق اگر فیصلے ہوسکیں تو ہم نے ان کو بھی ترجیح دی ہے اور اس کی مثال ہماری نفاذ شریعت کی جو تحریک ملاکنڈ میں چل رہی تھی، اس کے اندر بہت سے Irritants موجود تھے، وہاں ہم نے طاقت کا استعمال نہیں کیا لیکن ہم نے ڈائیلاگ کو وہاں استعمال کر کے Situation کو Defuse کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ ہنگو میں شیعہ سنی تنازعہ جو بیس سالوں سے کئی قیمتی جانوں کو لے چکا تھا، اللہ کے فضل سے ہم نے اس کے اندر جرگے کو استعمال کیا اور گزشتہ بیس سالوں کے اندر پہلی بار ایسا ہوا کہ ہنگو اور کوہاٹ میں محرم امن کے ساتھ گزرا، نوروز بھی ہوا اور چہلم بھی وہاں گزر چکا ہے۔ (تالیاں) تو یہ ایک Wisdom تھی جو ہم نے استعمال کی۔ (تالیاں) اور وہاں ہم جرگہ اور ڈائیلاگ کے ذریعے کام کر سکے اور اسی طرح مہمند ایجنسی میں جو بندوبستی علاقہ، ٹرائبل ایریاز میں تبدیل ہو چکا تھا، وہاں پر بھی ہم نے ڈائیلاگ اور جرگے کو اہمیت دی، ان سے مدد لی اور اللہ کے فضل سے حالات کو ہم نے وہاں پر Calm کیا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ جیسے میں نے کہا کہ ہمارے لئے امن و امان کو بہتر بنانے میں بہت مشکلات پیش آتی رہی ہیں، ہم نے ڈائیلاگ اور جرگے کو استعمال کیا لیکن جہاں ہم نے دیکھا کہ نہیں، قانون کا نفاذ اور ریاست کی جو Writ ہے، اس کا نفاذ کرنا ضروری ہے تو اس کیلئے میں نے ذرا بھی ہچکچاہٹ نہیں کی اور نہ میں نے دریغ کیا اور نہ آئندہ ہوگا۔ کسی تذبذب اور کمزوری کا بھی شکار نہیں ہیں اور اس کیلئے، آپ نے دیکھا کہ بٹانی ایریا میں، درہ آدم خیل زرگری میں، دیر میں جہاں ہمیں آپریشن کرنے کی ضرورت پڑی تو ہم نے ان کے خلاف اپنے اقدامات کئے۔ میں یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے اقدامات اور اللہ کے فضل سے آج

صوبہ سرحد امن و امان کے حوالے سے مثالی صوبہ ہے اور صدر مملکت نے گزشتہ دنوں پولیس ٹریننگ کالج ہنگو میں اپنی تقریر کے دوران صوبہ سرحد میں ہم سب کو اعزاز دیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد آج امن و امان کے حوالے سے ایک مثالی Province ہے۔ (تالیاں) اور میں اس بات کا کھلے دل سے اعتراف کرنا چاہتا ہوں کہ ان سارے اقدامات کے اندر جہاں حکومت اور ہماری انتظامیہ کی کارکردگی ہے، وہاں پر میرے اُس طرف بیٹھے ہوئے حزب اختلاف کے بھائیوں کی مدد اور تعاون بھی مجھے حاصل رہا اس سارے کام کے اندر، میں اس کو Appreciate کرنا چاہتا ہوں۔ (تالیاں) میں اسلئے بھی Appreciate کرنا چاہتا ہوں کہ اس دوران ایسے بہت سے واقعات ہوئے جہاں اگر حزب اختلاف محض روایتی حزب اختلاف ہوتی تو شاید وہ پوائنٹ سکورنگ کیلئے میدان میں کود پڑتے۔ جیسے ابھی چند دن قبل لکی کے اندر جو پندرہ طالبان تھے، جمعیت العلمائے اسلام کے سٹوڈنٹس تھے، ان کو Kidnap کیا گیا وہ ایک ایسا ایشو تھا جس پر جمعیت العلمائے اسلام بھی اور ہمارے صوبے کی جو دوسری جماعتیں ہیں، وہ بھی اگر چاہتے تو اس معاملے کو ایشو بناتے لیکن میں Appreciate کرتا ہوں کہ انہوں نے اس کو ایشو نہیں بنایا بلکہ انہوں نے ہمیں موقع فراہم کیا کہ ہم جرائم پیشہ لوگوں کے خلاف اقدامات کریں اور اللّٰہ کے فضل سے وہ Recover ہوئے۔ اسی طرح جو دوسرے Actions تھے، جن میں درہ آدم خیل میں، زرگری میں، پشاور اور چارسدہ کے اندر اس طرح کے بہت سے واقعات ہوئے۔ اگر یہ پوائنٹ سکورنگ کرنے کی کوشش کرتے تو شاید ان کو موقع ملتا لیکن میں نے جیسے کہا کہ میں اس بات کا اعتراف کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اس کی اہمیت کو جانچتے ہوئے اس کے اندر ایک وسعت قلبی اور سنجیدہ طریقہ اختیار کیا اور یہ مثبت طریقہ ہے، میں اس کو Appreciate کرتا ہوں۔ جناب سپیکر! میں اس سے زیادہ اور بات نہیں کرنا چاہتا کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ جو ذمہ داری آج حکومت کی ہے اس امن و امان کے حوالے سے، وہ سارے ہاؤس کی ہے اور میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ میری اس بات کو غلط نہ سمجھا جائے لیکن جب ہم ایجنڈے پر بات کرتے ہیں تو وہ Specific ہونا چاہئے۔ Generality میں آپ باتیں کریں گے، سچی بات ہے کہ ہمارے لئے جوابدہی کرنا مشکل ہو جاتا ہے کیونکہ میں جوابدہی کو اپنے اوپر لازمی قرار دیتا ہوں۔ میری حکومت کے اوپر یہ لازم ہے کہ وہ کسی بھی مسئلے کے اوپر جو عوام کے فلاح و بہبود سے متعلق ہو، ان کی بہتری کے متعلق ہو تو اس کے اوپر میں اپنی جوابدہی کرسکوں لیکن ایسی کوئی

تقریر یا بات جس کا اس صوبے کے اندر حقائق سے تعلق نہ ہو، اس سے کنفیوژن پھیلتی ہے، اس سے تضادات پھیلتے ہیں، اس سے لوگوں کا سیاسی نظام سے اعتماد اٹھتا ہے، لوگ جھوٹا تصور کرتے ہیں۔ اسلئے میری ایک گزارش ہے کہ جب آپ ایجنڈا کی تشکیل کریں تو اس کیلئے جوش میں آنے کے بجائے ہم سنجیدگی سے کریں۔ جیسا کہ یہ ایجنڈا ہے، میں نے کہا کہ اس کا حقائق سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اللہ کے فضل سے جیسے میں نے کہا کہ صوبے کے اندر بہت باوقار طریقے سے ہم آگے جا رہے ہیں تو اس سے محرومی ہوتی ہے۔ میں آخر میں ایک بات یہ کرنا چاہتا ہوں، ایک تجویز دینا چاہتا ہوں کہ چونکہ پاکستان آج اللہ کے فضل سے ایک ایٹمی طاقت ہے اور دنیا کے باوقار ملکوں کے اندر شامل ہے، عزتمند ملک ہے اس کو ہم بہت باوقار بنا سکتے ہیں اپنے رویوں کے ساتھ، اپنے جذبوں کے ساتھ اور حزب اختلاف اور حزب اقتدار ایک نظام کا حصہ ہیں، ان میں کوئی ذاتی رنجش نہیں ہوتی، اس میں کوئی لعن طعن نہیں کی جا سکتی۔ اس میں ایک دوسرے پر خالی کیچڑ نہیں اچھالا جا سکتا بلکہ ہمیں اس بات کی ضرورت ہے کہ آج ہم نفرت، تعصب اور اپنی کم علمی اور فرسٹریشن کو چھوڑ کر سنجیدہ روی اختیار کریں اور میں اس فلور پر کھڑے ہو کر یہ پیشکش کرنا چاہتا ہوں کہ امن و امان کی بہتری کی صورت میں حزب اختلاف کی طرف سے جو تجو آئے گی میں جناب سپیکر، آپ کے حوالے کرتا ہوں کہ آپ اس تجویز کو کسی بھ کمیٹی کے سامنے لے جائیں اور وہاں سے آپ ہماری جن خامیوں کی نشاندہی کریں، ہمار اصلاح کرنے کیلئے اور تجاویز دیں۔ assure you that my Government will t have any hesitation in accepting any thing which is positive d which is in the larger interest of the province. Thank you very ch. (Applause)

حاجی بہادر خان (دیر)۔ پوائنٹ آف آرڈر سر۔

. Acting Speaker: The sitting is adjourned till 9.30 of tomorrow ning, the 8th of June, 1999. Thank you.

(اسمبلی کا اجلاس منگل 8 جون ساڑھے نو بجے صبح تک کیلئے ملتوی ہو گیا۔)